گلزار شریعت
از قلم
مفتی عبدالستار رضوی
گھسڑی، ہوڑہ، بنگال

از قلم
مفتی عبد الستار رضوی
خادم مدرسہ معراج العلوم
وخطیب وامام خیراتی جامع مسجد
گھسڑی، ہوڑہ، بنگال

کتاب ملنے کے پتے

رضا اکیڈمی کولکاتا
محمد اویس رضا مدرسہ معراج العلوم
مولانا سیف الدین جنرل اسٹور گھسڑی
مدرسہ اصلاح المسلمین، رہباد، دیوگھر

نام کتاب: گلزار شریعت
از قلم: مفتی عبد الستار رضوی Mob.9007644990
مدرسہ معراج العلوم، ہوڑہ
کمپوزنگ: رضا اکیڈمی کولکاتا Mob.:9748792456
سن اشاعت: ۲۰۱٦ء
تعداد اشاعت: ۱۰۰۰
قیمت:

حسب فرمائش

جناب توقیر احمد خان، گھسڑی، ہوڑہ

جناب حافظ زبیر عالم رضوی استاذ مدرسہ معراج العلوم، گھسڑی

یا اللہ کونین کے دولہا جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے دین کے ان معاونین کو عفو و عافیت رزق میں برکت اور سعادت دارین سے مالا مال فرما اور ان سب کو درجات عالیہ عطا فرما جن کا ایصال ثواب مطلوب ہے۔

عبد الکلام رضوی (بھولا بھائی) ۳۶ ضیابی بی روڈ، گھسڑی، ہوڑہ

ایصال ثواب: جناب عبد الجلیل انصاری مرحوم

مرحومہ صغریٰ خاتون

مرحومہ قمر النساء

مرحوم لعل محمد وارثی

مرحومہ حسینہ بیگم

جناب عبد الحلیم صاحب

ایصال ثواب: جناب ضمیر الدین مرحوم گھسڑی

شرف انتساب

میں اپنی ان تمام کاوشوں کی منسوب کرتا ہوں

☆ اپنے پیرومرشد ماوائی وملجائی حضور تاج الشریعہ جانشین مفتی اعظم ہند علامہ الحاج الشاہ مفتی محمد اختر رضا خان قادری دامت برکاتم القدسیہ

☆ اور رئیس القلم قائد اہلسنت مناظر السلام علامہ الحاج ارشد القادری علیہ الرحمہ

☆ اور گلزار ملت علامہ الحاج سید شاہ گلزار میاں قادری دامت برکاتم العالم

☆ اور پدر بزگوار محترم المقام محمد حبیب صاحب نعمانی اشرفی

☆ اور والدہ محترمہ وشفقہ سرالنساء صاحبہ دامت برکاتم القدسیہ

کی بارگاہوں میں جن کے فیوض وبرکات اور ادعیہ کریمانہ سے میں کسی لائق ہوا۔

خاک پائے اولیا
عبدالستار رضوی فیضی

ہدیۂ تبریک وتشکر

میں دل کی تمام تر گہرائیوں کے ساتھ سراپا امتنان وتشکر ہوں اپنے جملہ اساتذہ کرام خصوصاً مفتی اعظم جھارکھنڈ حضرت علامہ الحاج الشاہ عابد حسین نوری مصباحی صاحب قبلہ شیخ الحدیث جامعہ فیض العلوم، جمشید پور

واستاذ الاساتذہ حضرت علامہ الحاج محمد نور اللہ عزیزی مصباحی صاحب قبلہ

واستاذ الاساتذہ حضرت علامہ الحاج مفتی صلاح الدین نظامی مصباحی صاحب قبلہ

واستاذ الاساتذہ حضرت علامہ نصیر احمد قادری مصباحی صاحب قبلہ

واستاذ العلماء حضرت علامہ عبد الغفار فریدی مصباحی علیہ رحمہ

وحضرت علامہ قاری غلام حیدر رضوی فیضی صاحب قبلہ

وحضرت علامہ الحاج حفیظ الدین مصباحی صاحب قبلہ

وحضرت علامہ مولانا عبد الحنان رضوی صاحب قبلہ

وحضرت علامہ حافظ امتیاز صاحب نعمانی مصباحی

وحضرت علامہ مفتی ضیاء المصطفےٰ صاحب قبلہ مصباحی ۔ نیپال

وحضرت علامہ مولانا یونس صاحب قبلہ ۔ رہباد، مدھوپور

وحضرت مولانا شہادت حسین قبلہ جامتاڑا

وحضرت مولانا عبد الجبار نظامی درگاپور

وحضرت مولانا عبد المبین حبیبی صاحب قبلہ

اور دیگر تمام مربین اساتذہ کی بارگاہوں میں جن کی تعلیمی، تربیتوں اور دعاؤں سے میں کسی قابل ہوا۔

طالب دعا
عبد الستار رضوی فیضی

REDMI NOTE 5 PRO
MI DUAL CAMERA

اغاز لفظ

مسائل شرعیہ کے تعلق سے بہت ساری کتابیں منظر عام پر آئی ہیں لیکن اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی حاصل کرنے کی نیت سے قلم اٹھایا ہے خصوصاً طالب علموں میں مسائل شرعیہ سے دلچسپی پیدا کرنے کیلئے ''گلزار شریعت'' ترتیب دیا لہٰذا اہل علم حضرات سے گزارش ہے کہ اگر کوئی مسئلہ غلط ہو تو لوگوں میں اس کتاب کی اہمیت گھٹانے کے بجائے بذریعہ تحریر فقیر کو مطلع کریں تاکہ نئے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے۔

مفتی بنگال علامہ دلدار حسین مصباحی صاحب قبلہ دار العلوم ضیاء الاسلام ہوڑہ کا میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود کتاب ہذا پہ نظر ثانی فرمائی اور مفتی نظام الدین مصباحی گھسڑی مدرسہ غوثیہ نظامیہ و مولانا غلام غوث رضوی فیض مدرسہ ارشد العلوم عالم بازار کولکاتا اور عزیزم مولوی محمد جہانگیر نواز دالکولہ متعلم مدرسہ معراج العلوم کو فراموش نہیں کرسکتا کہ ان حضرات نے اپنا قیمتی وقت لگا کر پروف ریڈنگ کی ہم ان سب کے شکر گزار ہیں

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پیارے مصطفےٰ ﷺ کے صدقے میں بہترین صلہ عطا فرمائے دعا ہے خدائے عزوجل اس کتاب کو مقبول خاص و عام فرمائیں اور آخرت میں ہمارے لئے ذریعہ نجات بنائے آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

عبدالستار رضوی الفیضی غفرلہٗ
خادم درس و افتاء مدرسہ معراج العلوم
وخطیب و امام خیرائی جامع مسجد، گھسڑی ہوڑہ
۸؍رجب المرجب ۱۴۳۸ھ، ۶؍اپریل ۲۰۱۷ء

فہرست سوالات

REDMI NOTE 5 PRO
MI DUAL CAMERA

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سوال: بدمذہب کا کوئی بھی عمل اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہے یا نہیں؟
جواب: بدمذہب کا کوئی بھی عمل اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول نہیں۔(سورۂ فرقان آیت ۲۳)
سوال: کافر کا نابالغ بچہ مرجائے تو وہ جنتی ہے یا جہنمی؟
جواب: کافر کا نابالغ بچہ مرجائے تو اس کے جنتی وجہنمی ہونے کے بارے میں امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ نے کوئی رائے قائم نہیں کی ہے بلکہ خاموشی اختیار کی ہے۔لہٰذا ان کے مسلک پر چلنے والوں کو بھی چاہئے کہ اس مسئلہ میں ہرگز نہ الجھیں۔(فتاویٰ فقیہ ملت جلد اول، ص ۳۲)
سوال: جنتی آپس میں ملاقات کرنا چاہیں گے تو کس طرح سے ملاقات ہوگی؟
جواب: جنتی آپس میں ملاقات کرنا چاہیں گے تو ایک کا تخت دوسرے کے پاس خود بخود چلا جائے گا۔(بہار شریعت حصہ اول، ص،۴۷)
سوال: اذان کے بعد الصلاۃ والسلام علیک یارسول اللہ پڑھنا کس ماہ اور ہجری میں آغاز ہوا؟
جواب: ۷۸۱ھ ماہ ربیع الآخر میں۔(انوار الحدیث، ص،۱۳۹)
سوال: جوسنت غیر مؤکدہ چار رکعت ہے اس کے اور چار رکعت والے نوافل کے قعدہ اولیٰ میں التحیات کے بعد درود شریف پڑھ لیا تو کیا سجدہ سہو کرنا ہوگا یا نہیں؟
جواب: سنت غیر مؤکدہ میں التحیات پڑھنے کے بعد درود شریف پڑھنے سے سجدہ سہو نہیں ہے نماز ہوجائے گی۔(بہار شریعت حصہ ۴،ص ۱۵)
سوال: تراویح پڑھانے والے حافظ کو زیادہ ثواب ملتا ہے یا سننے والے مقتدیوں کو؟
جواب: تراویح پڑھانے والے حافظ کو ثواب کم ملتا ہے اور تراویح سننے والے مقتدیوں کو ثواب زیادہ ملتا ہے۔(فتاویٰ فقیہ ملت جلد ۱،ص ۲۰۱)
سوال: اکثر لوگ آج کل درود شریف کے بدلے صلعم، عم، صہ، عہ لکھتے ہیں ایسا لکھنا کیا ہے؟
جواب: درود شریف کے بدلے ایسا لکھنا ناجائز وحرام ہے۔(فتاویٰ افریقہ، ص ۶۱)
سوال: عمر بھر میں ایک بار درود شریف پڑھنا سنت ہے یا فرض؟
جواب: عمر میں ایک بار درود شریف پڑھنا فرض ہے۔(بہار شریعت حصہ ۳،ص ۸۷)
سوال: عورتوں کو کسی نماز میں جماعت کی حاضری جائز ہے یا نہیں؟
جواب: عورتوں کو کسی نماز میں جماعت کی حاضری جائز نہیں دن کی نماز ہو یا رات کی، جمعہ کی ہو

یا عیدین کی خواہ وہ جوان ہوں یا بوڑھی ۔ (بہار شریعت حصہ ۳، ص ۱۳۱)

سوال: مسجد کے درختوں میں سے کسی درخت کا پھل یا پھول قیمت ادا کئے بغیر کھانا یا لینا کیسا ہے؟

جواب: قیمت ادا کئے بغیر کھانا یا لینا جائز نہیں ۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۳، ص ۶۰۲)

سوال: غیر عربی میں خطبہ پڑھنا یا عربی کے ساتھ دوسری زبان کو شامل کر لینا کیسا ہے؟

جواب: غیر عربی میں خطبہ پڑھنا یا عربی کے ساتھ دوسری زبان کو شامل کر لینا مکروہ اور سنت متوارثہ کے خلاف ہے ۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۳، ص ۵۱)

سوال: نماز عید سے پہلے نفل نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: نماز عید سے پہلے نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے عیدگاہ میں ہو یا گھر میں اور نماز عید کے بعد عیدگاہ میں نفل پڑھنا مکروہ ہے گھر میں پڑھ سکتا ہے ۔ البتہ عوام اگر نفل پڑھیں اگرچہ نماز عید سے پہلے اگرچہ عیدگاہ میں انہیں منع نہ کیا جائے ۔ (بہار شریعت حصہ ۴، ص ۱۰۷)

سوال: گائے کا گوبر، پیشاب اور آدمی کا پیشاب سے علاج کرنا کیسا ہے؟

جواب: یہ سب نجس ہیں ان سے علاج کرنا حرام ہے ۔ (فتاویٰ فقہ ملت جلد دوم ص ۳۳۵)

سوال: کانسہ کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

جواب: کانسہ کا برتن استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں البتہ اس کا زیور پہننا مکروہ ہے ۔ (فتاویٰ رضویہ، ص ۳۳، جلد ۹، نصف آخر)

سوال: ماہواری کے دنوں میں بیوی سے ہم بستری کرنا کیسا ہے؟

جواب: ماہواری کے دنوں میں بیوی سے ہم بستری کرنا ناجائز و حرام ہے ۔ (فتاویٰ ہندیہ، ص ۳۹، جلد ۱)

سوال: ماموں بھانجے کا ایک ساتھ ایک وقت میں ختنہ کرنا کیا منع ہے؟

جواب: ماموں بھانجے کا ایک ساتھ ایک وقت میں ختنہ کرنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۴، ص ۲۳)

سوال: بعض حاملہ عورتیں چولھے کی مٹی یا ملتانی مٹی بڑے شوق سے کھاتی ہیں اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اتنی مٹی کھانا جس سے نقصان پہنچے حرام ہے خواہ وہ چولھے کی مٹی ہو یا ملتانی مٹی البتہ خاک شفا سے تبرکاً قدرے لینا جائز ہے ۔ (حاشیہ فتاویٰ رضویہ، ۱، ص ۶۹۶)

سوال: کھانے کے بعد کاغذ سے ہاتھ پونچھنا کیسا ہے؟

جواب: کھانے کے بعد کاغذ سے ہوتھ پونچھنا مکروہ ہے (فتاوئ رضویہ، ا،ص ۳۰)

سوال: کیاماں سے دودھ بخشوانا ضروری ہے؟

جواب: ماں سے دودھ بخشوانا نہ ضروری اور نہ اس کی کوئی حاجت بلکہ یہ ایک جاہلانہ خیال ہے کیونکہ اپنے بچوں کو دودھ پلانا ماؤں کا حق ہے تو مائیں دودھ پلا کر اپنا حق ادا کرتی ہیں نہ کہ بچوں پر قرض کا بوجھ ڈالتی ہیں البتہ بچے پر یہ ان کا احسان ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالی نے ان کا مرتبہ اونچا کر دیا ہے اور اولاد کو بھی حسن سلوک کا حکم دیا ہے۔ (ماہنامہ کنز الایمان دہلی، ص ۱۱ شمارہ مئی ۲۰۱۰ء)

سوال: کسی زندہ یا مردہ انسان کا عضو دوسرے انسان کے بدن میں لگانا کیسا ہے؟

جواب: کسی زندہ یا مردہ انسان کے عضو کو کاٹ کر دوسرے انسان کے بدن میں لگانا ناجائز و گناہ ہے۔ (ماہنامہ اشرفیہ، مبارکپور، ص ۱۶، شمارہ فروری ۲۰۰۸ء)

سوال: نور نامہ نام کی ایک کتاب عوام میں بہت مقبول ہے خاص کر عورتیں اسے بہت پڑھتی ہیں اس کتاب میں جو روایت لکھی ہے وہ صحیح ہے یا غلط؟ اور اس کا پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: نور نامہ کتاب میں جو روایت لکھی ہوئی ہے وہ بے اصل ہے اور اس کا پڑھنا جائز نہیں۔ (فتاوئ برکاتیہ۔ ص ۲۵۵)

سوال: بہت سے لوگ گائے، بکری یا مرغی اس شرط پر دوسروں کو دیتے ہیں کہ تم اس کی پرورش کرو، بچے اور انڈے جس قدر ہونگے وہ ہم لوگ آپس میں بانٹ لیں گے۔ اس طرح کا معاملہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اس طرح کا معاملہ کرنا جائز نہیں اس صورت میں بچے اور انڈے اسی کے ہیں جس کی گائے، بکری یا مرغی ہے دوسرے کو اس کے کام کی مناسب مزدوری ملے گی۔ (فتاوئ ہندیہ، جلد ۴، ص ۴۴۵، ۴۴۶)

سوال: بسم اللہ پڑھ کر ہرنی کو بندوق سے مارا وہ مرگئی تو ذبح ہوا یا نہیں؟

جواب: بندوق سے مرا ہوا جانور مردار ہے اور اس کا کھانا جائز نہیں۔ (فتاوئ بحر العلوم جلد سوم، ص ۴۶۸)

سوال: مردہ جانور کو بیچا جا سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: مردہ مال نہیں ہے اس لیے کی بیع حرام ہے۔ (فتاویٰ بحر العلوم سوم، ص ۴۶۸)

سوال: لاٹری کا ٹکٹ خریدنا کیسا ہے؟

جواب: لاٹری بلاشبہ جوا ہے اور خریدنا جائز نہیں اور جونا جائز ہے اسلیے اسکی خریداری ناجائز ہے۔ (فتاویٰ بحر العلوم سوم، ص ۴۵)

سوال: حمل کی کم سے کم کیا مدت ہے؟

جواب: حمل کی کم سے مدت چھ مہینہ ہے۔ (فتاویٰ بحر العلوم جلد سوم، ص ۴۷۴)

سوال: امانت کا روپیہ کسی کو قرض دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: امانت کا روپیہ کسی کو قرض دینا جائز نہیں۔ (فتاویٰ فیض الرسول جلد دوم، ص ۶۳۸)

سوال: کیا ذبح کی ہوئی مرغی پانی میں ڈالنے سے حرام ہو جاتی ہے؟

جواب: ذبح کی ہوئی مرغی پانی میں ڈالنے سے حرام نہیں ہوتی ہے مگر مسائل کے امیزش سے پانی ناپاک ہو جائے۔ (فتاویٰ فیض الرسول دوم، ص ۴۲۸)

سوال: بکری ذبح کی جائے اور اس کے پیٹ میں بچہ نکلے زندہ یا مردہ تو اس بکری کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جس بکری کے پیٹ میں بچہ نکلے خواہ زندہ ہو یا مردہ اگر وہ شرعی طریقہ پر ذبح کی گئی ہے تو اس کا گوشت کھانا جائز ہے۔ اور جو بچہ کے زائد ہے اس کے پیٹ میں زندہ نکلے گر چاہیں تو اس کو بھی ذبح کر دیں اور چاہیں تو باقی رکھیں۔ لیکن قربانی کے جانور میں زندہ بچہ نکلے تو اس کا ذبح کرنا ضروری ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول جلد دوم، ص ۴۲۸)

سوال: ہندوستان دارالاسلام ہے یا دارالحرب؟

جواب: ہندوستان بحمد اللہ تعالیٰ دارالاسلام ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول جلد دوم، ص ۴۰۶)

سوال: بانجھ بکری کی قربانی کرنا کیسا ہے؟

جواب: بانجھ بکری کی قربانی جائز ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول جلد دوم، ص ۴۶۱)

سوال: تعلیمی تاش کھیلنا کیسا ہے؟

جواب: تاش کھیلنا حرام ہے۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۴۵۳)

سوال: نامحرم کو چوڑی پہنانا کیسا ہے؟

جواب: مرد کا کسی بھی نامحرم کو چوڑی پہنانا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ نصف آخر جلد ۹، ص

(۲۰۸

سوال: ایم۔پی یا ایم۔ایل۔اے کے فنڈ سے جو روپیہ ملے اسے مسجد میں لگانا کیسا ہے؟

جواب: جائز ہے۔(فتاویٰ رضویہ جلد ۶، ص ۴۶۰)

سوال: مسجد میں نکاح پڑھنا اور پڑھوانا کیسا ہے؟

جواب: مسجدوں میں نکاح پڑھنا و پڑھوانا مستحب ہے۔(فتاویٰ فقیہ ملت دوم، ص ۱۷۵)

سوال: غیر مسلم کی کمپنی کا شیر غیر مسلم سے بیچنا کیسا ہے؟

جواب: اپنا شیر دوسرے سے بیچنا یا دوسرے کا شیر خریدنا حرام ہے ہرگز جائز نہیں خواہ یہ معاملہ مسلم کے ساتھ ہو یا غیر مسلم کے ساتھ۔(فتاویٰ فقیہ ملت دوم، ص ۱۹۶)

سوال: کوئی بزرگ باحیات ہوں تو ان کے نام کے آگے رحمۃ اللہ علیہ لکھنا کیسا ہے؟

جواب: رحمۃ اللہ علیہ دعائیہ جملہ ہے اسے مردہ زندہ سب کے لئے لکھ سکتے لیکن چوں کہ جملۂ مذکورہ عرف عام میں انتقال کرنے والوں کے لئے مستعمل ہے۔لہٰذا زندہ کے لئے اس کو لکھنا صحیح نہیں۔(فتاویٰ فقیہ ملت دوم، ص ۲۷۷)

سوال: غسل کرتے وقت کلمہ ودرود پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: غسل کرتے وقت کلمہ ودرود شریف پڑھنا منع ہے اور خلاف سنت ہے اس وقت کسی قسم کا کلام کرنے اور دعا پڑھنے کی بھی اجازت نہیں۔(بہار شریعت حصہ دوم، ص ۳۷)

سوال: ایک شخص کو پیشاب کا قطرہ آتا رہتا ہے وہ نماز کیسے ادا کرے؟

جواب: جس شخص کو پیشاب کا قطرہ آتا رہتا ہے کہ اس پر ایک وقت پورا ایسا گذر گیا کہ وضو کے فرض نماز ادا نہ کر سکا وہ صاحب عذر ہے اس کا حکم یہ ہے کہ وقت کے اندر وضو کرے اور وقت کے اخیر حصہ تک جتنی نمازیں اس وضو سے پڑھ لے۔قطرہ کے مرض سے اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔(فتاویٰ فقہ ملت جلد دوم۔ص ۱۰۰)

سوال: اگر کوئی مسلمان مینڈک کی تجارت کرنا چاہے تو یہ تجارت درست ہوگی یا نہیں؟

جواب: مینڈک کی بیع جائز نہیں ہے۔(فتاویٰ مفتی اعظم۔جلد ۵، ص ۱۸۳)

سوال: ایک مٹھی سے کم داڑھی والے کو امام بنانا کیسا ہے؟

جواب: ایک مٹھی سے کم داڑھی رکھنے والوں کی امامت جائز نہیں اور اس کو امام بنانا گناہ اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی پڑھ لی ہو تو لوٹانا ضروری (واجب) ہے۔(فتاویٰ بحر العلوم، جلد سوم، ص

(۲۶۸

سوال: مدینہ منورہ کو یثرب کہنا کیسا ہے؟

جواب: مدینہ منورہ کو یثرب کہنا منع ہے۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، جلد چہارم، ص ۲۲۴)

سوال: نیپال دارالحرب ہے یا دارالاسلام؟

جواب: نیپال دارالاسلام ہے۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، جلد چہارم، ص ۴۸۷)

سوال: بلاتحقیق کسی کو حرامی کہنا کیسا ہے؟

جواب: بلاتحقیق کسی کو حرامی کہنا حرام ہے۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، جلد چہارم، ص ۳۸۶)

سوال: مسلمان راج مستری نے اپنی اجرت لے کر ایک مندر تعمیر کیا تو اس کی شرعی حیثیت سے کوئی پکڑ ہے یا نہیں؟

جواب: ایسا کرنا مکروہ ہے اور کرے تو مستحق سزا نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۸۔ ص ۱۶۹)

سوال: جس نے بیوی کی بہن سے زنا کیا تو اس کا نکاح رہا یا ٹوٹ گیا؟

جواب: جس نے بیوی کی بہن سے زنا کیا سخت مجرم و گناہ گار ہے لیکن اس سے نکاح نہیں ٹوٹے گا۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، جلد چہارم، ص ۴۵۹)

سوال: چرم قربانی کے لئے کیا حکم ہے اسے کسکو دیا جائے اس کا مستحق کون کون ہیں؟

جواب: چرم قربانی صدقہ نافلہ ہے اس لئے یہ مالک جس کو چاہے دے سکتا ہے۔ بشرطیکہ لینے والا مسلم ہو۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، جلد چہارم، ص ۵۸)

سوال: مسجد کی وہ کونسی جگہ ہے جس میں نماز پڑھنا مکروہ ہے؟

جواب: مسجد میں نماز پڑھنے کیلئے کسی بھی جگہ کو اپنے لیے خاص کرنا مکروہ ہے۔ (عجائب الفقہ، ص ۱۳۱)

سوال: کس صورت میں امام کی پیٹھ کی طرف مقتدی کو پیٹھ کرنا جائز ہے؟

جواب: جبکہ کعبہ شریف کے اندر جماعت سے نماز پڑھ رہے ہوں تو امام کی پیٹھ کی طرف مقتدی کو پیٹھ کرنا جائز ہے۔ (عجائب الفقہ، ص ۱۰۱)

سوال: وہ کون سی جگہ ہے جہاں ہر سمت متوجہ ہو کر نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: جبکہ کعبہ شریف کی عمارت کے اندر یا اس کی چھت پر نماز پڑھے تو جس طرف بھی متوجہ ہو کر نماز پڑھنا چاہے پڑھے جائز ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری، جلد اوّل، ص ۵۹)

سوال: لاعلمی میں کلمۂ کفر بک جائے تو کافر ہوگا یا نہیں؟

جواب: عام مشائخ کے نزدیک کافر ہو جائے گا اور نہ علمی کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ (الاشباہ و النظائر، ص۳۰۴)

سوال: وہ کون شخص ہے کہ جس پر نماز فرض ہے مگر اسے نماز پڑھنے کے لئے نہ وضو کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ تیمم کی؟

جواب: جس شخص کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کہنیوں اور ٹخنوں کو اوپر سے کٹے ہوں اور چہرہ زخمی ہو تو ایسے شخص پر نماز فرض ہوتی ہے مگر اس کو نماز پڑھنے کے لئے نہ وضو کی ضرورت ہوتی ہے اور تیمم کی۔ (نورالایضاح باب التیمم ص۴۴)

سوال: غسل میت میں کتنے فرائض ہیں؟

جواب: غسل میت میں پورے بدن پر پانی بہانا صرف یہی ایک فرض ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری، جلد اوّل، ص ۱۴۷)

سوال: جنابت کی حالت میں بال مونڈوانا اور ناخن ترشوانا کیسا؟

جواب: جنابت کی حالت میں نہ بال مونڈوائے اور نہ ناخن ترشوائے کہ یہ مکروہ ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۶، ص ۱۹۷)

سوال: سنی کا ذبح کیا ہوا گوشت تھا، پھر اس میں دیوبندی یا اہل حدیث کا ذبیحہ گوشت ملا دیا گیا تو اب اس گوشت کا حکم کیا ہے؟

جواب: اگر اس طرح مل گیا ہو کہ اس کو الگ نہ کیا جا سکتا ہو تو سب حرام ہو گیا۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۸، ص ۳۳۸۔ فتاویٰ بحرالعلوم، جلد چہارم، ص ۵۱۵)

سوال: وہابیہ معلّمہ سے بچوں کو تعلیم دلانا کیسا ہے؟

جواب: وہابیہ معلّمہ سے تعلیم دلوانا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد نہم نصف اوّل، ص ۲۰۳)

سوال: آدھی آستین کا کرتا یا قمیص وغیرہ پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟ متحریمی (درمختار)

جواب: اگر اس کے پاس دوسرا کپڑا پوری آستین کا موجود ہے تو مکروہ ہے۔ ورنہ بلا کراہت جائز ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد اوّل، ص ۱۹۳)

سوال: دین مہر کم سے کم کتنا رکھنا چاہئے؟

جواب: کم سے کم مہر دس درہم ہے یعنی دو تولے ساڑھے سات ماشہ چاندی یا چاندی کے سوا

اور کوئی چیز جو دو تولہ ساڑھے ساتھ ماشہ چاندی کی قیمت ٹھہرے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۵ ص ۵۰۰)

سوال: مندر میں پجاری کے پاس جا کر اس سے جھاڑ پھونک کرانا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز وحرام ہے۔ (فتاویٰ فقہ ملت، اوّل ص ۱۲)

سوال: دیوبندی کی مسجد میں تنہا نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: دیوبندی کی بنائی ہوئی مسجد شرعاً مسجد نہیں وہ عام جگہوں کے حکم ہے اس میں تنہا نماز پڑھ سکتے ہیں۔ البتہ اس میں نماز پڑھنے سے مسجد میں نماز پڑھنے کا ثواب نہ ملے گا۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، اول، ص ۱۴۸۔ فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۲۵۶)

سوال: کسی شخص نے عشاء فرض نماز کے بعد دو رکعت سنت اور دو رکعت نفل ایک سلام کے ساتھ پڑھا تو نماز ہوئی یا نہیں؟

جواب: بہتر یہ ہے کہ دو رکعت پر سلام پھیر دے اگر سلام نہ پھیرا جب بھی نماز ہوگئی یعنی سنت مؤکدہ اور نفل دونوں ادا ہوگئی۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۲۳۴)

سوال: چشمہ لگا کر امامت کرنا کیسا ہے؟

جواب: چشمہ لگا کر امامت کرنا جائز ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۱۳۷)

سوال: ناپاک آدمی کے جسم سے جو پسینہ نکلتا ہے، وہ پاک ہے یا ناپاک؟

جواب: ناپاک آدمی کا پسینہ پاک ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۳۲)

سوال: بگلا کبوتر، مینا، فاختہ کی بیٹ پاک یا ناپاک؟

جواب: یہ سب کی بیٹ پاک ہے، کوا، چیل کی بیٹ نجاست خفیفہ ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۳۴)

سوال: ہندو نجس ہے یا پاک ہے؟

جواب؛ باعتبار عقیدہ ناپاک ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۳۶)

سوال: حافظہ عورت صرف عورتوں کی جماعت کو تراویح پڑھا سکتی ہے یا نہیں؟

جواب: عورتوں کی جماعت کا حکم فرض میں نہیں نفل تو نفل ہے عورتوں کی جماعت مکروہ ہے۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۲۱۳)

سوال: اللہ تعالیٰ کو خدا کہنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کو خدا کہنا درست ہے۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۳۱)

سوال: کیا وضو کے بعد نماز سے پہلے یا وضو کرنے میں بات کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۱۳۷)

سوال: عورت حلال جانور کو ذبح کر سکتی ہے یا نہیں؟

جواب: ذبح میں عورت کا وہی حکم ہے جو مرد کا ہے لہٰذا عورت ذبح کر سکتی ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۵، ص ۹۸)

سوال: وتر کی نماز پڑھنا کیسا ہے اگر کوئی نہیں پڑھا تو اس پر کیا حکم ہے؟

جواب: وتر کی نماز واجب ہے اگر کسی وجہ سے وقت پر نہیں پڑھا تو اس پر قضا واجب ہے۔ (قانون شریعت، اول، ص ۱۶)

سوال: حالت نماز میں قرآت کے درمیان تین بار سبحان اللہ کہنے کے تعداد ٹھہر گیا آیا نماز ہوئی یا نہیں؟

جواب: درمیان قرآت یا کسی بھی موقع پر سوچنے لگا اور اتنی دیر ہوئی کہ تین بار سبحان اللہ پڑھ لیتا تو سجدہ سہو واجب ہے۔ (قانون شریعت، اول، ص، ۹۹)

سوال: نماز پڑھنے کی جگہ میں تصویر ہو تو نماز ہوگی یا نہیں؟

جواب: نماز کے آگے دائیں بائیں تصویر کا ہونا مکروہ تحریمی ہے اور پیچھے ہونا بھی مکروہ ہے۔ پھر سے نماز ادا کرنا واجب ہے۔ (بہار شریعت)

سوال: ریشم کے رومال سے منھ پوچھنا کیسا ہے؟

جواب: ریشم کے رومال سے منھ پوچھنا جائز ہے۔ جبکہ ہمیشہ پاس نہ رکھتا ہو اور تکبر پیدا نہ ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۶، ص ۴۳)

سوال: نماز میں کُرتا کا بٹن کھلا ہونے سے نماز ہو جائے گی یا کوئی خرابی لازم آئیگی؟

جواب: بٹن نہ لگانا اگر اس کے نیچے کرتا وغیرہ نہیں اور سینہ کھلا رہا تو ظاہر کراہت تحریمی اور نیچے کرتا وغیرہ ہے تو مکروہ تنزیہی ہے۔ (بہار شریعت حصہ ۳، ص ۱۲۴)

سوال: ایک لوٹا پانی ضرورت کیلئے مسجد سے گھر لے جانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ناجائز ہے۔ (بہار شریعت حصہ ۱۶، ص ۲۲)

سوال: زید نے خودکشی کر لیا تو اس کی جنازے کی نماز پڑھی جائے گی یا نہیں؟

جواب: اس کی جنازے کی نماز پڑھی جائے گی۔(بہار شریعت حصہ ۴،ص ۹۸)

سوال: غائبانہ نماز جنازہ جائز ہے یا نہیں؟

جواب: غائبانہ نماز جنازہ جائز نہیں ہے۔(بہار شریعت حصہ ۴،ص ۱۱۹)

سوال: کھانا میٹھا سے شروع کرے یا نمک اور کس پر ختم کرے؟

جواب: کھانے کی ابتدا نمک سے کرے اور ختم بھی اسی پر سنت ہے۔(انوار شریعت،ص ۱۳۶)

سوال: نماز میں اگر ٹوپی گر جائے تو اٹھانا چاہئے یا نہیں؟

جواب: نماز میں اگر ٹوپی گر پڑی تو اٹھالینا افضل ہے۔(احکام شریعت)

سوال: نماز میں ایک ہی سورہ کو دوبارہ پڑھنا کیسا ہے مگر عمل کثیر اجتناب کیا جائے؟

جواب: سہواً ہو تو کوئی مضائقہ نہیں اگر قصداً ہو تو ایسا کرنا مکروہ تنزیہی ہے ہاں اگر دوسری سورت یاد نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔(انوار شریعت،ص ۶۰)

سوال: مٹی کا تیل مسجد میں جلانا کیسا ہے؟

جواب: مسجد میں مٹی کا تیل جلانا جائز نہیں۔(بہار شریعت حصہ ۳،ص ۱۳۴)

سوال: کنواں میں شراب کا ایک قطرہ گر گیا تو کنواں پاک رہا یا ناپاک؟

جواب: کنواں میں شراب کا ایک قطرہ گر گیا تو کنواں ناپاک ہو جائے گا۔(قانون شریعت، حصہ اول،ص ۵۴)

سوال: واجبات نماز کتنی ہیں؟

جواب: کل واجبات نماز ۳۰ ہیں۔(بہار شریعت حصہ ۳،ص ۵۶)

سوال: عیدین کا خطبہ پڑھنا اور سننا کیسا ہے؟

جواب: عیدین میں خطبہ پڑھنا سنت ہے اور سننا واجب ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد ۳،ص ۸۰۳)

سوال: ایک شخص بہت کمزور ہے روزہ نہیں رکھ سکتا ہے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ بہت کمزور ہے تو اس کو اجازت ہے کہ اس دن روزہ نہ رکھے۔(قانون شریعت، حصہ اول،ص ۲۰۹)

سوال: افطار کی دعا افطار کرنے سے پہلے یا بعد میں کب پڑھنے کا حکم ہے؟

جواب: افطار کی دعا افطار کرنے کے بعد میں پڑھنے کا حکم ہے۔(فتاویٰ یورپ،ص ۳۰۴)

سوال: سیدزادے کوزکواۃ دے سکتے ہیں یانہیں؟
جواب: سیدزادے کوزکواۃ دینا جائزنہیں۔(انوارشریعت،ص ۱۲۵)
سوال: عورت مرجائے توشوہر کاندھادے سکتا ہے یانہیں؟
جواب: شوہرعورت کے جنازے کوکاندھادے سکتا ہے۔(قانون شریعت،حصہ اول،ص ۱۵۹)
سوال: کن عورتوں سے نکاح حرام ہے؟
جواب: ماں، بیٹی، بہن پھوپھی خالہ، بھتیجی، دادی، نانی، بھانجی، ان عورتوں سے نکاح کرنا حرام ہے۔(بہارشریعت)
سوال: قرآن مجید پرسوناچاندی کاپانی چڑھانا جائز ہے یانہیں؟
جواب: قرآن مجید پرسوناچاندی کاپانی چڑھانا جائز ہے۔(بہارشریعت حصہ ۱۶،ص ۱۰۰)
سوال: نماز کے حالت میں ایک ہی جگہ تین بار کھجلانا کیسا ہے؟
جواب: ایک رکن میں تین بار کھجلانے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔(قانون شریعت، حصہ اول، ص ۱۱۵)
سوال: جس کپڑے پر جاندار چیز کی تصویر ہوتواس کو پہن کرنماز پڑھنا کیسا ہے؟
جواب: جس کپڑے پر جاندار چیز کی تصویر ہوا سے پہن کرنماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔(قانون شریعت، حصہ اول، ص ۱۳۴)
سوال: پانی پرطلاق لکھنے سے طلاق پڑتی ہے یانہیں؟
جواب: پانی پرطلاق لکھنے سے طلاق نہ ہوگی۔(بہارشریعت حصہ ۸،ص ۹)
سوال: رات میں چوری کرتے وقت پکڑا گیااور اسی حالت میں مارا گیاتواس کی جنازے کی نماز پڑھی جائے گی یانہیں؟
جواب: اس کی جنازے کی نمازنہیں پڑھی جائے گی۔(بہارشریعت حصہ ۴،ص ۱۱۹)
سوال: سخت بھوک لگی ہواور کھانا نہ ملے اور حرام چیز موجود ہوتو کیا جان بچانے کے غرض سے حرام چیز کوکھا سکتا ہے یانہیں؟
جواب: حلال چیز موجود نہ ہوتو حرام چیز کھا کر جان بچائے۔(بہارشریعت حصہ ۱۶،ص ۱۲)
سوال: قرآن کے کسی آیت کوبغیر وضو چھونا کیسا ہے؟
جواب: قرآن کے کسی آیت بغیر وضو چھونا حرام ہے۔(قانون شریعت حصہ اول،ص ۵۲)

سوال: داڑھی ایک مشت سے کم رکھتا ہے تو اس کی امامت جائز ہے یا نہیں؟

جواب: داڑھی منڈانے والا یا ایک مشت سے کم رکھنے والا کو امام بنانا گناہ ہے اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے۔ (انوار شریعت ،ص ۶۱۶۲)

سوال: روزہ کے حالت میں بھولے سے پیٹ بھر کھالیا تب یاد آیا تو روزہ ٹوٹا یا رہا؟

جواب: اگر پیٹ بھر کھالیا اور روزہ دار ہونا معلوم نہ ہو تو روزہ نہ گیا۔

سوال: فرض نماز میں یا کوئی نماز میں ایک سجدہ چھوٹ گیا جبکہ نماز میں ہی یاد آیا تو کیا کرے نماز پھر سے ادا کرنا ہوگا یا کوئی صورت ہے جسے نماز ہو جائے؟

جواب: جو چیز نماز میں واجب ہیں ان سے اگر کوئی واجب چھوٹ گیا تو سجدہ سہو واجب

سوال: ریشم کے مصلیٰ پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: ریشم کے مصلیٰ پر نماز پڑھنا جائز ہے مگر اس پر نہیں پڑھنا چاہئے۔ (بہار شریعت حصہ ۱۶، ص ۴۲)

سوال: غسل اور وضو کا پانی جو بدن سے گرا ہو وہ وضو غسل کے قابل رہا یا نہیں اور جو پانی گرا وہ پاک ہے یا ناپاک؟

جواب: جو پانی وضو یا غسل کرنے میں بدن سے گرا ہو وہ پاک ہے مگر اس سے وضو غسل جائز نہیں۔ (قانون شریعت اول ،ص ۶۰)

سوال: حالت روزہ میں سالن چکھنا کیسا ہے؟

جواب: روزدار کو بلا عذر کسی چیز کا چکھنا مکروہ ہے۔ (بہار شریعت)

سوال: رمضان المبارک میں افطار وقت سے پہلے کرلیا تو روزہ درست ہوا یا نہیں؟

جواب: ابھی آفتاب نہ ڈوبا تھا اور افطار کرلیا تو اس پر قضا لازم ہے (بہار شریعت حصہ ۵، ص ۸۲)

سوال: نماز میں زور سے ہنسا تو کیا نماز ٹوٹ گئی یا وضو ٹوٹ گیا؟

جواب: زور سے قہقہہ لگانے میں نماز اور وضو دونوں ٹوٹ جاتے ہیں۔ (قانون شریعت، اول، ص ۴۹)

سوال: چمڑے کا لباس پہننا کیسا ہے؟

جواب: پہننا جائز ہے۔ (بہار شریعت حصہ ۱۶، ص ۴۵)

سوال: جانور میں چار رگیں ہیں ذبح میں دو رگ کٹی تو ذبح درست ہوا یا نہیں؟

جواب: اگر تین رگیں کٹ جائے تو جانور حلال ہے ورنہ نہیں (بہار شریعت حصہ ۱۵، ص ۹۸)

سوال: کیا جنازہ کے وضو سے ظہر کی نماز جائز ہے؟

جواب: جنازے کے وضو سے ظہر کی نماز جائز ہے۔ (فتاوئ یورپ، ص ۱۲۷)

سوال: فجر کے وقت میں احتلام ہوگیا اور جماعت بھی کھڑی ہے اگر غسل کرتا ہے تو جماعت چھوٹ جاتی ہے تو کیا کرنے کا حکم ہے؟

جواب: تیمم کر کے نماز پڑھ لے اور غسل کر کے پھر ادا کرے۔ (احکام شریعت، حصہ دوم، ص ۱۷۲)

سوال: ڈھول باجا تاشا کے ساتھ قوالی سننا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ایسی قوالی سننا حرام ہے۔ (احکام شریعت، حصہ اول، ص، ۶۱)

سوال: چھوٹی مچھلی جو بغیر پیٹ پھاڑے بنائی جاتی ہے اس کا کھانا کیسا ہے؟

جواب: اس طرح کی مچھلیاں سب مکروہ ہیں۔ (احکام شریعت، اول، ص ۱۴، ۱۵)

سوال: وہ کونسا انسان ہے جس پر وضو فرض نہیں ہے؟

جواب: نابالغ پر وضو فرض نہیں ہے۔ (بہار شریعت حصہ ۲، ص ۱۷)

سوال: بھولے سے روزہ کی حالت میں بیوی سے جماع کر لیا پھر یاد آیا تو اب سمجھا کہ میرا روزہ نہ رہا تو پھر جماع کرتا رہا تو اس اس پر کیا حکم ہے؟

جواب: اس پر قضا فرض ہے۔ (قانون شریعت، حصہ اول، ص ۱۸۱)

سوال: کبوتر اڑانا مرغا لڑانا کہاں تک درست ہے؟

جواب: کبوتر اڑانا کہ گھنٹوان کو اترنے نہیں دیئے حرام اور مرغا لڑانا حرام ہے۔ (احکام شریعت، حصہ سوم، ص ۲۴۲)

سوال: زکوٰۃ کے پیسہ سے طالب علم کتاب خرید سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: زکوٰۃ کے پیسہ سے طالب علم کتاب خرید سکتا ہے۔ (قانون شریعت، حصہ اول، ص ۲۳۰)

سوال: مردہ بچہ پیدا ہوا تو اس کی جنازے کی نماز ہوگی یا نہیں؟

جواب: اس کی جنازے کی نماز نہیں ہوگی۔ (قانون شریعت، ص ۱۶۶)

سوال: دو بلی کنواں میں ڈوب کر مر گئی تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟

جواب: پورا پانی نکالا جائے گا۔ (قانون شریعت اول، ص ۵۵)

سوال: چاچی سے نکاح کرنا کیسا ہے؟

جواب: چچی کے ساتھ نکاح ناجائز نہیں ہے (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۳۳۹)

سوال: روزہ کی حالت میں کولگیٹ منجن گل کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

جواب: روزے کی حالت میں کولگیٹ اور منجن گل کرنا ناجائز وحرام نہیں ہے جب کہ یقین ہو کہ اس کا کوئی جز حلق میں نہ جائے گا۔ ہاں مکروہ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد چہارم، ص ۶۱۴)

سوال: حالت نماز میں سامنے سانپ یا بچھو آ گیا تو نماز توڑنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نماز میں سامنے بچھو یا سانپ آ جائے تو مارنے کی اجازت ہے اگر چہ نماز ٹوٹ جائے۔ (قانون شریعت اول، ص ۱۳۰)

سوال: کیا کوئی حالت نماز میں یہ سنا کہ فلاں شخص کنواں میں گرنے جا رہا ہے تو نماز پوری کریگا یا توڑ دیگا؟

جواب: کوئی مصیبت زدہ فریاد کر رہا ہو یا کوئی ڈوب رہا ہو تو ان صورتوں میں نماز توڑنا واجب ہے۔ (بہار شریعت، حصہ سوم، ص ۱۲۷)

سوال: رضاعی بہن سے نکاح کرنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: رضاعی بہن سے نکاح کرنا حرام ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت جلد اول، ص ۴۴۵)

سوال: بیوی کی رضاعی بہن سے نکاح کرنا کیسا ہے؟

جواب: رضاعی بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا ویسا ہی حرام ہے جیسا حقیقی بہنوں کو۔ (فتاویٰ یورپ، ص ۳۷۴)

سوال: مسجد کے اندر اذان دینا کیسا ہے؟

جواب: مسجد کے اندر اذان دینا مکروہ ہے۔ (بہار شریعت حصہ سوم، ص ۲۵)

سوال: جمعہ کا خطبہ سننا کیا ہے؟

جواب: جمعہ کا خطبہ سننا فرض ہے۔ (بہار شریعت حصہ چہارم، ص ۳۸)

سوال: علمائے کرام کو برا بھلا کہنا کیسا ہے؟

جواب: وہ شخص منافق ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۶ ص ۲۶)

سوال: گاندھی کو مہاتما کہنا کیسا ہے؟

جواب: مشرک کو مہاتما کہنا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۶ ص ۱۸۸)

سوال: پنڈت سے ماتھے پر ٹیکہ لگوانا کیسا ہے؟

جواب: ماتھے پر ٹیکہ لگانا خاص شعار کفر ہے اور جو شعار کفر پر راضی ہو اس پر لزوم کفر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۹، ص ۳۱۶ نصف)

سوال: قرآن عظیم کو مثل وید کہنا کیسا ہے؟

جواب: قرآن عظیم کو مثل وید بتانا کفر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۹، ص ۲۹۹ نصف)

سوال: عورت کو داڑھی یا مونچ نکل آئیں تو کیا کیا جائے؟

جواب: عورت کو داڑھی یا مونچھ نکل آئیں تو ان کا نوچنا جائز ہے۔ بلکہ مستحب ہے کہ کہیں اسکے شوہر کو اس سے نفرت نہ پیدا ہو۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۶، ص ۸۱)

سوال: خرگوش جو بلی کی طرح ایک تیز رفتار جانور ہوتا ہے اس کا گوشت کھانا حرام یا حلال؟

جواب: خرگوش جانور کا گوشت کھانا حلال ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد دوم، ص ۴۲۹)

سوال: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ پڑھکر کسی نے حلال جانور کو ذبح کیا تو اس کا گوشت کھانا ناجائز ہے یا نہیں؟

جواب: لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ پڑھ کر حلال جانور ذبح کرنا مکروہ ہے مگر اس کا گوشت کھانا جائز ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، دوم، ص ۴۲۶)

سوال: حلال جانوروں کی اوجھڑی کھانا کیسا ہے؟

جواب: حلال جانوروں کی اوجھڑی کھانا مکروہ تحریمی ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول دوم، ص ۴۳۲)

سوال: جو شخص روزہ نہ رکھے اس پر صدقۂ فطر واجب ہے یا نہیں؟

جواب: صدقۂ فطر واجب ہونے کیلئے روزہ رکھنا شرط نہیں۔ روزہ رکھے یا نہ رکھے جب بھی اس پر صدقۂ فطر واجب ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول اول، ص ۵۰۷)

سوال: اگر کسی نے عید کے دن صدقۂ فطر ادا نہیں کیا اور زیادہ دن گزر گیا تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: صدقۂ فطر عید کی نماز سے پہلے ادا کرنا سنت ہے لیکن اگر اس وقت نہیں ادا کیا تو اب ادا کرے۔ عید کے دن نماز سے پہلے ادا نہ کرنے سے ساقط نہ ہوگا۔ اور جب بھی ادا کرے ادا ہی ہے قضا نہیں ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول اول، ص ۵۱۰)

سوال: عید آنے سے پہلے اگر صدقۂ فطر ادا کر دیا تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: عید کا دن آنے سے پہلے ماہ رمضان میں بلکہ ماہ رمضان سے پہلے بھی صدقۂ فطر ادا

کردیا تو جائز ہے۔(فتاویٰ فیض الرسول اول،ص ۵۱۰)

سوال: عید کے چاندرات کو بچہ پیدا ہوا تو اس کی طرف سے صدقۂ فطر نکالنا واجب ہے یا نہیں؟

جواب: عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی صدقۂ فطر واجب ہوتا ہے لہٰذا اگر اس وقت سے پہلے پیدا ہوا تو اس کی جانب سے صدقۂ فطر نکالنا واجب ہے۔ اور اگر صبح صادق کے بعد پیدا ہوا تو نہیں (فیض الرسول اول،ص ۵۰۷)

سوال: امام کو دعا میں **لاالہ الّا انت سبحانك انی کنت من الظلمین** پڑھنا اور مقتدیوں کو آمین کہنا کیسا ہے؟

جواب: اس آیت کو بطور دعا پڑھنا اور مقتدیوں کا آمین کہنا منع ہے۔ البتہ کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو تو اس آیت کو بطور وظیفہ پڑھکر اللہ تعالیٰ سے دعاء کرے تو وہ دعاء کو قبول فرمالیتا ہے۔(فتاویٰ فقیہ ملت اول،ص ۱۰۷)

سوال: اگلی امتوں سے قبر میں سوال کس طرح کیا جاتا تھا؟

جواب: اگلی امتوں سے سوال قبر کے بارے میں دو روایت ہے(۱) اگلی امتوں سے قبر میں سوال ہوتا ہی نہ تھا(۲) اگلی امتوں سے قبر میں رب کی واحدانیت کے بارے میں سوال کیا جاتا تھا۔(فتاویٰ فقیہ ملت اول،ص ۱۸۰)

سوال: ابوجہل حضور کا چچا تھا یا نہیں؟

جواب: ابوجہل حضور کا چچا نہیں تھا۔(فتاویٰ شارح بخاری، جلد اول،ص ۳۵۴)

سوال: انبیائے کرام کو جاسوس اور فرشتوں کو گارڈیا ٹی کہنا کیسا ہے؟

جواب: انبیائے کرام کو جاسوس کہنا کفر ہے۔ اسی طرح فرشتوں کو گارڈیا ٹی کہنا بھی ان حضرات کی توہین ہے۔(فتاویٰ شارح بخاری، اول،ص ۵۷۵)

سوال: جن جنت میں جائے گا یا نہیں؟

جواب: جن جنت میں نہیں جائیں گے۔(فتاویٰ شریفیہ، اول،ص ۱۷۱)

سوال: آتش بازی پٹاخہ کی تجارت کرنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: پٹاخہ کی تجارت کرنا جائز نہیں۔(فتاویٰ بحرالعلوم، جلد اول،ص ۳۶۵)

سوال: سہرا باندھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: سہرا باندھنا جائز ہے۔(فتاویٰ امجدیہ، چہارم،ص ۱۲)

سوال: عصرار رفجر پڑھنے کے بعد قضانماز پڑھ سکتے ہیں یانہیں؟

جواب: عصراو فجر پڑھنے کے بعد قضانماز پڑھ سکتے ہے جائز ہے۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، اول،ص۷۰)

سوال: زید کے اوپر غسل فرض تھا اس نے پاکی حاصل کرنے کی نیت سے غسل کیا مگر ناک میں پانی ڈالنا اور کلی کرنا بھول گیا اور چار پانچ گھنٹہ کے بعد وضو کیا نماز پڑھنے کیلئے اب وہ پاک ہوا کہ نہیں؟

جواب: اگر وضو میں کلی کرلیا اور ناک میں پانی ڈال لیا تو غسل ہو گیا اور نمازیں بھی ہو گئیں۔ (فتاویٰ امجدیہ اول،ص۱۱)

سوال: زید نے بعد نماز عشاء شراب پی کے نماز فجر ادا کرنے کیلئے غسل کرے گا یانہیں؟

جواب: بلاشبہ شراب بھی پاخانہ و پیشاب کی طرح ناپاک ہے۔ مگر اس میں طہارت حکمی کا شریعت نے حکم نہیں دیا۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، جلد اول،ص۷۷)

سوال: وتر کی قضا میں جب کہ نمازی اکیلا وتر کی قضا پڑھ رہا ہو تو تیسری رکعت میں دعاء قنوت پڑھنے کیلئے تکبیر کہتے ہوئے ہاتھ اٹھانا درست ہے یانہیں؟

جواب: تنہائی میں پڑھتا ہوں تو ہاتھ اٹھائے اور لوگوں کے سامنے پڑھتا ہو تو نہ اٹھائے کہ لوگ اس کی کوتاہی پر مطلع ہوں گے۔ (فتاویٰ بحرالعلوم، اول،ص۴۳۲)

سوال: ظہر کی چاروں رکعت سنت میں الحمد شریف کے ساتھ سورت پڑھنا چاہئے یانہیں؟

جواب: ظہر کی سنتوں میں چاروں رکعت بھری پڑھی جائیں یعنی ہر ایک میں فاتحہ کے بعد سورت ملانا واجب ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول،ص۹۷)

سوال: یامحمد کہنا عندالشرع جائز ہے یانہیں؟

جواب: حضور عالم ﷺ کو اسم ذات کے ساتھ ندا کرنا جائز نہیں۔ (فتاویٰ شریفیہ، جلد اول، ص۲۹۱)

سوال: خدا کو ہر جگہ موجود کہنا کیسا ہے؟

جواب: یہ جملہ کہنا کہ خدا ہر جگہ موجود ہے سخت حرام اور اپنے ظاہر معنی کے لحاظ سے کفر ہے۔ (فتاویٰ شارح بخاری اول،ص۱۱۳)

سوال: اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ "آپ" کہہ کر پکارنا جائز ہے یانہیں؟

جواب: تعظیم کی نیت سے اللہ عزوجل کو "آپ" کہہ سکتے ہیں۔ (فتاویٰ شریفیہ، ج۱،ص۱۳۱)

سوال: اللہ عزوجل کو بھگوان یا رام کہنا کیسا ہے؟

جواب: اللہ عزوجل کو بھگوان یا رام کہنا کفر ہے۔ (فتاویٰ شریفیہ، اول، ص ۱۷۱)

سوال: یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ سے غلطی ہو سکتی ہے کیسا ہے؟

جواب: ایسا کہنا کفر ہے۔ (فتاویٰ شارح بخاری، اول، ص ۱۲۴)

سوال: حضور علیہ السلام کو بکری کا چرواہا کہنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: حضور علیہ السلام کو بکری کا چرواہا کہنا منع ہے۔ (شارح بخاری، اول، ص ۵۹۴)

سوال: ننگے سر قرآن مجید کی تلاوت کرنا کیسا ہے؟

جواب: ننگے سر قرآن شریف پڑھنا یا سننا بہر حال ممنوع ہے اور اگر معاذ اللہ استخفاف کی نیت سے ہو تو کفر ہے۔ (فتاویٰ شریفیہ، اول، ص ۶۳۴)

سوال: کفار کے کارخانہ میں تلاوت کرنا کیسا ہے؟

جواب: غیر مسلم کی فیکٹری میں بنیت عبادت تلاوت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ شارح بخاری، جلد اول، ص ۶۵۸)

سوال: حضور کو خدا کا دلبر کہنا کیسا ہے؟

جواب: دلبر کہنا جائز نہیں (ایضاً، ۵۳۸)

سوال: بکرا یا مرغی بسم اللہ اللہ اکبر کہتے ذبح کیا اور چھری تیز ہونے کے سبب سر جدا ہو جائے تو اس کا کھانا درست ہے یا نہیں؟

جواب: کھانا جائز ہے۔ (فتاویٰ افریقہ، ص ۱۱۰)

سوال: مسجد کی کوئی ایسی چیز جو خراب ہونے کا اندیشہ ہو یا خراب ہو جاتی ہو۔ اگر دوسرا آدمی قیمت دے کر مسجد کی چیز اپنے مکان پر رکھے تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جائز ہے مگر اسے بے ادبی کی جگہ نہ لگائے۔ (فتاویٰ افریقہ، ۱۹۳)

سوال: وضو کے بچے پانی کو پھینک دینا کیسا ہے؟

جواب: پھینک دینا حرام ہے اور کھڑے ہو کر پینا ثواب ہے۔ (انوار الحدیث، ۱۲۷)

سوال: اللہ تعالیٰ کو ایشور، پربھو، پرماتما، اور گاڈ کہنا کیسا ہے؟

جواب: یہ سب کہنا جائز نہیں۔ (فتاویٰ شارح بخاری، جلد اول، ص ۱۷۳)

سوال: ناخن پالش استعمال کیا جس سے ناخنوں پر ہلکی تہ جم گئی تو وضو ہوا یا نہیں؟

جواب: صاف کیے بغیر وضو کیا تو وضو نہ ہوا۔(انوارالحدیث ۱۲۷)

سوال: استنجا کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: وضو کرنا جائز ہے اسے پھینک دینا سخت ناجائز و گناہ ہے۔(انوارالحدیث ۱۲۷)

سوال: لوگوں کے سامنے ران اور گھٹنا کھول کر نہانا یا اتنا باریک کپڑا پہن کر نہانا کہ بدن جھلکے کیا درست ہے؟

جواب: اسطرح نہانا سخت ناجائز و حرام ہے۔(انوارالحدیث ۱۳۵)

سوال: جاندار کی تصویر کھینچنا اور کھینچوانا کیسا ہے؟

جواب: کھینچنا اور کھینچوانا دونوں حرام ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد۹،ص ۱۹۷)

سوال: پاسپورٹ، راشن کارڈ، شناختی کارڈ اور کوئی ضروری کام کے لئے فوٹو کھنچا سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: ان سب کام کیلئے تصویر کھینچانا جائز ہے۔(انوارالحدیث جدید ایڈیشن ،ص ۳۷۴)

سوال: مسجد کی رقم مدرسہ کیلئے قرض دینا لینا کیسا ہے؟

جواب: مسجد کی رقم کو قرض دینا جائز نہیں۔(فتاویٰ فقہ ملت، جلد دوم ،ص ۱۶۸)

سوال: قبرستان میں جانور چرانا کیسا ہے؟

جواب: جانوروں کو قبرستان میں چرانا جائز نہیں۔(فقہ ملت دوم، ۱۸۶)

سوال: کیا کتا آدم علیہ السلام کی پتلا کی مٹی سے بنا ہے؟

جواب: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا بنایا تو شیطان نے بغض وحسد سے اپنا تھوک جمع کر کے آدم علیہ السلام کے مقام ناف پر ڈال دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل کو حکم دیا کہ اس تھوک کو مقام ناف سے نکال لیں۔ ناف کی گہرائی جبرئیل علیہ السلام کے حضرت آدم کے مقام ناف کی مٹی کریدنے کی وجہ سے ہے۔ پھر اس کریدی ہوئی مٹی سے کتے کو پیدا کیا۔(فتاویٰ فقہ ملت، دوم،ص ۴۲۷)

سوال: رب المشرقین ومغربین سے کیا مراد ہے؟

جواب: دو مشرق و مغرب سے مراد، سردی اور گرمی دونوں موسم میں سورج کے نکلنے اور ڈوبنے کی جگہ ہے۔(تفسیر روح البیان، جلد۹،ص ۹۴)

سوال: اگر کوئی کھانا یا پکٹ کھا رہا ہو یا چائے پی رہا ہو تو اسے سلام کرنا کیسا ہے؟

جواب: جو کھانا یا پکٹ کھا رہا ہو اگر اس کے منہ میں لقمہ ہے تو اسے سلام نہ کرے۔اور جو چائے

یا پانی پی رہا ہو اسے سلام کرنے میں حرج نہیں وہ جواب دینے سے عاجز نہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۶، ص ۹۰)

سوال: ایک کمپنی بطور نمونہ کچھ دوائیں ڈاکٹر کو دیتی ہے کہ وہ ان دواؤں کو مریض پر مفت خرچ کرے تو ڈاکٹر ایسی دواؤں کو بیچ سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: ڈاکٹر مذکورہ دواؤں کو بیچ نہیں سکتا ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۱۹۷)

سوال: محمد رسالت حسین نام رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: محمد رسالت حسین نام رکھنا ناجائز و حرام ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، دوم، ص ۲۶۱)

سوال: روپیہ کا مالا پہننا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: روپیہ کا مالا پہننا ناجائز و حرام ہے۔ (فقہ ملت دوم، ص ۳۴۱)

سوال: قرآن کی تلاوت کے وقت قاری درمیان میں وقف کرے تو سبحان اللہ کہہ کر زور زور سے داد دینا کیسا ہے؟

جواب: قرآن کی تلاوت کے وقت جب درمیان میں قاری ٹھہرتا ہے تو اس وقت زور سے سبحان اللہ کہہ کر داد دینا غلط اور سخت ناپسند ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، ج ۲، ص ۳۲۸)

سوال: کیا عورتوں کو مانگ میں سیندور لگانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: سیندور یا اس کی مثل دوسرا کوئی رنگ عورتوں کو مانگ میں لگانا حرام ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ جلد چہارم، ص ۶۰)

سوال: طوطا، ہدہد، بگلا، خرگوش حلال ہیں یا نہیں؟

جواب: سب حلال ہیں۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۴۳۴)

سوال: مردہ مرغی فروخت کر کے اس کی قیمت مسلمان کو کھانے پینے پہنے میں لانا چاہئے یا نہیں؟

جواب: جائز نہیں۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۴۳۴)

سوال: مسجد کی دیوار کو اپنے استعمال میں لانا کیسا ہے؟

جواب: مسجد کی دیوار کو اپنے استعمال میں لانا حرام ہے۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۲۳۲)

سوال: مسلمان سے ہندو مکان کرایہ پر لے کر اس میں پوجا پاٹ کرے تو مسلمان پر کیا الزام ہے؟

جواب: کافر اس میں کفر کرتا ہے پوجا پاٹ کرتا ہے اس سب کا وبال ان پر ہے۔ مکان والے پر اس کا الزام نہیں۔ (فتاویٰ مصطفویہ، ص ۴۶۹)

سوال: انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

جواب: انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہے چاہے رگ میں لگایا جائے چاہے گوشت میں۔(فتاویٰ فیض الرسول، جلداول، ص ۵۱۶)

سوال: عورتوں سے مصافحہ کرنا کیسا ہے؟

جواب: اپنے محرمات (ماں، دادی، نانی، ساس، بیٹی، پوتی وغیرہ) سے مصافحہ کرنے کی رخصت ہے۔ غیر محرمات سے مصافحہ کرنا ناجائز ہے۔(فتاویٰ یورپ، ص ۵۳۲)

سوال: انسانی بالوں کا استعمال اور اس کی خرید وفروخت کیسا ہے؟

جواب: زندہ یا مردہ انسانوں کے بالوں سے کسی طرح کا فائدہ اٹھانا ممنوع وناجائز ہے۔ (فتاویٰ یورپ، ص ۴۶۶)

سوال: انجکشن کے ذریعہ خون نکلوانے سے روزہ اور وضو ٹوٹے گا یا نہیں؟

جواب: روزہ تو نہیں ٹوٹے گا لیکن اگر روزہ دار خون نکلوانے کے بعد نڈھال ہوجائے یا کمزوری سے سبب اسے روزہ رکھنا دشوار ہو جائے تو روزہ کی حالت میں اس قدر خون نکلوانا مکروہ ہے۔(فتاویٰ یورپ، ص ۱۳۹)

سوال: ٹیوبل سے وضو کرنے سے بچا ہوا پانی کیسے پیئے؟

جواب: دوایک چلو لکر بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر وضو کرنے والا پی سکتا ہے۔ اور حصول ثواب کے لئے اسی قدر کافی ہے۔(فتاویٰ یورپ، ص ۱۳۰)

سوال: چھوٹا حوض میں کسی نابالغ بچہ نے اپنا ہاتھ یا پاؤں ڈال دیا تو کیا اس حوض کے پانی سے وضو وغسل کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جب تک اس بچہ کے ہاتھ پاؤں پر نجاست کا لگنا یقینی طور پر معلوم نہ ہو وہ پانی قابل طہارت ہے۔ کیونکہ نابالغ اگر اپنے پورے جسم کے ساتھ بھی چھوٹے حوض میں داخل ہو جائے تو حوض کا پانی مستعمل نہیں ہوگا اس لئے کہ وہ مرفوع القلم ہے۔(فتاویٰ یورپ، ص ۱۵۱)

سوال: مالکی حضرات ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھتے یا باندھ کر؟

جواب: مالکی حضرات ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھتے ہیں۔ اس لئے کہ حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک فرض نماز میں ہاتھ باندھنا مکروہ ہے۔ اور نفل میں جائز ہے۔(فتاویٰ فیض

الرسول، جلد دوم، ص ۵۱۸)

سوال: مصنوعی قبر کی زیارت کرنا کیسا ہے؟

جواب: مصنوعی قبر کی زیارت حرام ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد دوم، ص ۵۴۳)

سوال: نقد اور ادھار کا الگ الگ بھاؤ رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نقد اور آدھار کا الگ الگ بھاؤ رکھنا شریعت میں جائز ہے مگر یہ ضروری ہے کہ سامان بیچتے وقت ہے طے کردے کہ اس سامان کی قیمت نقد خرید و تو اتنی ہے اور ادھار خرید و تو اتنی ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد دوم، ص ۳۸۱)

سوال: مسلمانوں کو نعرہ وندے ماترم کسی وقت کسی موقع پر لگانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: مسلمانوں کو ہرگز ہرگز جائز نہیں کہ وہ یہ نعرہ لگائیں۔ جو مسلمان یہ نعرہ لگائے گا، یہ گیت گائے گا وہ کافر مشرک ہو کر اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ (فتاویٰ شارح بخاری، جلد دوم، ص ۵۹۰)

سوال: انڈا خریدا گیا اور وہ توڑنے پر خراب نکلا تو اس کی قیمت کی واپسی ضروری ہے یا نہیں؟

جواب: انڈا خراب نکلا تو بیچنے والے پر اس کی قیمت واپس کرنا فرض ہے۔ اگر نہیں واپس کرے گا تو حق العبد میں گرفتار ہوگا۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۲)

سوال: بالوں میں کالی مہندی لگانا کیسا ہے؟

جواب: جو چیز بالوں کو سیاہ کرے خواہ تیل ہو یا مہندی کا میل یا کوئی تیل غرضیکہ کچھ ہو سب ناجائز وحرام ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۳۴۸)

سوال: کیا پان کھانا سنت ہے؟

جواب: پان کھانا صرف جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ نصف آخر، جلد ۹، ص ۲۵۶)

سوال: پالنے والے جانور کو دن بھر میں کتنا مرتبہ دانہ پانی دینا چاہئے؟

جواب: جو جانور پالے دن میں ۷ بار، اسے دانہ پانی دینا چاہیے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۹، ص ۱۹۶)

سوال: کانچ کی چوڑیاں پہننا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جائز ہے۔ بلکہ شوہر یا ماں یا باپ کا حکم ہو تو واجب ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۹، ص ۲۳۵)

سوال: بچہ مردہ پیدا ہوا۔ نال کاٹا جائے یا یوں ہی دفن کر دیا جائے؟

جواب: اس کا نال کاٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۹، ص ۱۷۴)

سوال: ایک عورت کا شوہر مر گیا اور اس عورت نے دوسرا شوہر کر لیا ہو تو جنت میں کس شوہر کے پاس ہوگی؟

جواب: عورت اپنے آخری شوہر کے ساتھ ہوگی۔(فتاویٰ رضویہ، جلد ۹، ص ۱۰۵)

سوال: فعل حرام کا تماشہ دیکھنا کیسا ہے؟

جواب: جو فعل حرام ہے اس میں شریک ہونا اور اس کا تماشہ دیکھنا بھی حرام ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد ۹۔ص ۱۴۰)

سوال: ہلتے دانتوں میں چاندی کا تار باندھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ہلتے دانتوں میں چاندی کا تار باندھنا جائز ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد ۹، ص ۴۳)

سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جنازہ کی نماز کس نے پڑھائی؟

جواب: جنازہ اقدس پر لوگ گروہ در گروہ حاضر ہوتے اور صلاۃ وسلام عرض کرتے گئے۔ جنازے کی نماز کسی نے نہیں پڑھائی۔(فتاویٰ رضویہ، جلد چہارم، ص ۵۴)

سوال: مردہ بچہ پیدا ہوا تو اسے قبرستان میں دفن کیا جائے یا دوسری جگہ؟

جواب: مرا ہوا بچہ کو مسلمانوں کے قبرستان ہی میں دفن کریں۔(فتاویٰ رضویہ جلد چہارم، ص ۱۵)

سوال: کیا حقہ کے پانی سے وضو جائز ہے؟ اگر ہے تو وہ کون حالت اور کس وقت پر ہے؟

جواب: جب آب مطلق اصلاً نہ ملے تو یہ پانی بھی آب مطلق ہی کے حکم میں ہے اس کے ہوتے ہوئے تیمم ہرگز صحیح نہیں اور اس تیمم سے نماز باطل ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد دوم، ص ۲۸)

سوال: نکاح کے وقت عورت کو کلمہ وغیرہ پڑھاتے ہیں۔ اب وہ عورت حیض کی حالت میں ہے تو وہ کلمہ اپنی زبان سے پڑھے تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: حالت حیض میں صرف قرآن عظیم کی تلاوت ممنوع ہے۔ کلمہ وغیرہ پڑھ سکتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد دوم، ص ۴۰)

سوال: کیا خطبہ جمعہ کھڑے ہو کر سننا جائز ہے؟

جواب: خطبہ سننے کی حالت میں حرکت منع ہے اور خطبہ بلا ضرورت کھڑے ہو کر سننا خلاف سنت ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۷۴۳)

سوال: امام خطبہ پڑھتا ہو اس وقت کوئی وظیفہ یا سنت یا نوافل یا فرض پڑھنا چاہیے یا نہیں؟

جواب: اس وقت وظیفہ مطلقاً ناجائز ہے اور نوافل بھی اگر پڑھے گا تو گنہگار ہوگا اگرچہ نماز ہو جائے گی۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۷۰۴)

سوال: ایک مسجد میں دو امام درمیان میں پردہ ڈال کر جمعہ پڑھائے تو جائز ہوگا یا نہیں؟

جواب: ایک مسجد میں دو جماعتیں ایک وقت میں بالقصد قائم کرنا ہرگز جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۶۹۱)

سوال: جس شخص پر نماز قصر ہو وہ سفر میں اگر جان بوجھ کر بہ نیت زیادہ ثواب پوری نماز پڑھے گا تو گنہگار ہوگا یا نہیں؟

جواب: بے شک گنہگار مستحق عذاب ہوگا۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۶۶۷)

سوال: امام تیسری یا چوتھی رکعت میں کچھ قرأت جہر سے پڑھ جائے تو سجدہ سہو واجب ہوگا یا نہیں؟

جواب: اگر امام ان رکعتوں مین جن میں آہستہ پڑھنا واجب ہے جیسے ظہر وعصر کی سب رکعات اور عشا کی پچھلی دو اور مغرب کی تیسری میں ایک آیت بھول کر با آواز پڑھ جائے گا تو بلاشبہ سجدہ سہو واجب ہوگا۔ اور اگر اس مقدار سے کم مثلاً ایک آدھ کلمہ با آواز بلند نکل جائے تو حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۹۳)

سوال: کیا سورہ تبت کا نماز میں پڑھنا بہتر ہے؟

جواب: استغفر اللہ اصلاً کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۱۲۹)

سوال: کیا ہر ولی کعبہ معظمہ سے افضل ہے؟

جواب: بلاشبہ ہر ولی کعبہ معظمہ سے افضل ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۱۲، ص ۳۰)

سوال: کب بسم اللہ پڑھنا حرام ہے؟

جواب: حرام قطعی کرنے اور چوری وغیرہ کا ناجائز مال استعمال کرنے کے وقت بسم اللہ پڑھنا حرام ہے۔ جبکہ پڑھنے کو حلال نہ سمجھے اسی طرح حائضہ عورت سے ہمبستر کرتے وقت بھی پڑھنا حرام ہے۔ (عجائب الفقہ، ص ۵۶)

سوال: حافظ نے تراویح میں پورے قرآن کی تلاوت کی اور کبھی سجدہ تلاوت نہ کیا مگر اس پر ایک بھی سجدۂ تلاوت واجب نہ رہا اس کی کیا صورت ہے؟

جواب: اس کی صورت یہ ہے کہ سجدہ کی آیتوں کو پڑھنے کے بعد فوراً نماز کا سجدہ کرلیا یعنی آیت سجدہ کے بعد تین آیتوں سے زیادہ پڑھی اور رکوع کر کے سجدہ کیا تو اگر چہ سجدہ تلاوت کی نیت نہ ہو ادا ہو گیا۔ اب اس کے ذمہ سجدۂ تلاوت واجب نہیں رہا۔ (بہار شریعت، حصہ چہارم، ص ۷۹)

سوال: حائضہ عورت نے آیت سجدہ سنی تو اس پر سجدہ واجب ہے یا نہیں؟

جواب: اس پر سجدہ تلاوت واجب نہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری، جلد اول، ص ۳۶)

سوال: ایک رکعت میں دو بار سورہ فاتحہ پڑھنے سے سجدہ واجب ہے یا نہیں؟

جواب: الحمد کے بعد سورت پڑھی اس کے بعد پھر الحمد پڑھی تو سجدہ سہو واجب نہیں۔ یوں ہی فرض کی پچھلی رکعتوں میں فاتحہ کی تکرار سے مطلقاً سجدہ سہو واجب نہیں۔ (بہار شریعت، حصہ چہارم، ص ۵۰)

سوال: مسلمان کو روزہ رکھنا کب جائز نہیں؟

جواب: عید، بقر عید اور ذی الحجہ کی ۱۱، ۱۲، ۱۳، تاریخ کو روزہ رکھنا جائز نہیں۔ (عجائب الفقہ، ص ۱۸۴)

سوال: کیا سوتیلی ماں کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں؟

جواب: سوتیلی ماں کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد اول، ص ۴۹۱)

سوال: اوجھری پچونی کھانے کے بارے میں حکم شرع کیا ہے؟

جواب: اوجھڑی پچونی کھانا مکروہ تحریمی ناجائز و گناہ ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد اول، ص ۳۷۲)

سوال: پاگل کی نماز جنازہ میں بالغ کی دعا پڑھی جائے یا نابالغ کی؟

جواب: پاگل کیلئے وہی دعا پڑھی جائے جو نابالغ کے لئے پڑھی جاتی ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد اول، ص ۴۴۲)

سوال: سوتیلی ماں کی حقیقی بہن سے نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جائز ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، اول، ص ۵۷۷)

سوال: قرآن افضل ہے یا صاحب قرآن؟

جواب: قرآن افضل ہے اس لئے کہ وہ کلام الٰہی ہے مخلوق نہیں ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، اول، ص ۲۶)

سوال: قرآن خوانی میں سب لوگوں کا بلند آواز سے قرآن پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: سب لوگ بلند آواز سے قرآن مجید پڑھیں یہ حرام ہے۔ (بہار شریعت، حصہ سوم، ص۱۰۲)

سوال: سوکھائی ہوئی مچھلی یا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: خشک گوشت یا مچھلی کا کھانا جائز ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، سوم، ص۲۹۸)

سوال: گوشت نظر سے غائب ہوگیا ہو اور کسی کافر کے ہاتھ میں گیا ہو تو اس کا لینا اور کھانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر مشرک کے پاس گوشت رہا اور نظر مسلم سے غائب ہوگیا تو اب اس کا کھانا حرام ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ سوم ص۲۹۸)

سوال: جس چھری میں پریگ یا لکڑی کا دستہ نہ ہو اس سے قربانی یعنی ذبح کر سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: جس چھری سے جانور ذبح کیا جائے خواہ قربانی ہو یا کچھ اور اس میں لکڑی وغیرہ کسی چیز کا دستہ ہونا ضروری نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ سوم ص۲۹۴)

سوال: نوٹ کی بیشی کیساتھ بیچنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نوٹ کو کم وبیش پر خرید نا بیچنا جائز ہے۔ مثلاً دس کا نوٹ آٹھ روپئے یا بارہ میں بیچنا کچھ حرج نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ سوم ص۲۰۹)

سوال: مسجد کے لئے کافر وہندو کی دی ہوئی زمین پر مسجد ہو سکتی ہے یا نہیں؟

جواب: ہندو یا کوئی کافر اگر اپنی خوشی سے زمین مسجد کیلئے دے جب بھی مسجد نہیں ہو سکتی کہ مسجد ہونے کے لئے نیت تقرب ضرور ہے اور کافر اس کا اہل نہیں۔ بغیر ایمان لائے ہوئے اس کی نیت عبادت بھی معتبر نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ سوم ص۱۱۲)

سوال: سیلاب سے مسجد منہدم ہو جائے تو اس کی اینٹیں وغیرہ دوسری مسجد میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: اگر سیلاب سے مسجد منہدم ہو جائے یا منہدم ہونے کا غالب گمان ہو تو ایسی صورت میں اس کی اینٹیں وغیرہ دوسری مسجد میں صرف کردیں۔ (فتاویٰ امجدیہ سوم ص۶)

سوال: مردے کا عقیقہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: مردہ کا عقیقہ نہیں ہو سکتا کہ عقیقہ دم شکر ہے اور یہ شکرانہ زندہ ہی کیلئے ہو سکتا ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ سوم ص۳۳۶)

سوال: علماو مشائخ کی قبور کواوپر سے پختہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟
جواب : علماو مشائخ کی قبور کو اوپر سے پختہ کرنا جائز ہے۔عوام کیلئے مکروہ۔(فتاویٰ امجدیہ سوم ص۳۸۹)
سوال: صحن مسجد میں غسل کرنا کیسا ہے؟
جواب : صحن مسجد میں (مسجد سیفی) میں غسل کرنا ممنوع وحرام ہے۔(فتاویٰ امجدیہ سوم ص۱۲۸)
سوال: صحن مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے؟
جواب : صحن مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے۔(فتاویٰ امجدیہ سوم ص۱۲۶)
سوال : کسی کام کیلئے چندہ لیا گیا اور اس سے کچھ بچ رہا تو کیا کرنے کا حکم ہے؟
جواب : چندہ جس کام کیلئے لیا گیا اس سے کچھ بچ رہا اگر معلوم ہے کہ یہ روپیہ فلاں کا ہے تو اسے واپس دیں یا اس کی اجازت سے جس کام میں ہیں صرف کردیں اور معلوم نہ ہو سکے تو بقیہ جس کام کیلئے لیا ہے اسی میں صرف کردیں یہ نہ ہو تو صدقہ کردیں۔(فتاویٰ امجدیہ سوم ص۲۶۳)
سوال : مسجد کے کسی حصہ کو کرایہ پر دینا جائز ہے یا نہیں؟
جواب : مسجد کے کسی حصہ کو کرایہ پر دینا جائز نہیں ہے۔(فتاویٰ امجدیہ سوم ص۱۴۵)
سوال: جوتے چپل کی دوکان میں تلاوت کرنا کیسا ہے؟
جواب : جہاں نئے جوتے چپل اوپر رکھے ہوں اور اس جگہ قرآن مجید کی تلاوت کرنا اگر وہاں کے عرف میں توہین سمجھا جاتا ہو تو قرآن شریف کی تلاوت کرنا جائز نہیں اور اگر توہین نہیں سمجھا جاتا ہے تو جائز ہے۔(فتاویٰ فقیہ ملت دوم ص ۳۲۷)
سوال: حنفی کو شافعی امام کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟
جواب: شافعی امام ایسے کسی امر کا مرتکب ہو جو ہمارے مذہب میں ناقص وضو یا مفسد نماز ہو جیسے ماء مستعمل سے طہارت یا چوتھائی سر سے کم کا مسح یا خون فصد وریم، زخم وقئی وغیرہ نجاست غیر سبیلین پر وضو نہ کرنا یا قدر درھم سے زائد منی آلود کپڑے سے نماز پڑھنا یا کوئی فرض ایک بار پڑھ کر پھر اسی نماز میں امام ہو جانا تو ایسی حالت میں حنفی کو سرے سے اس کی اقتدا جائز نہیں اور اس کے پیچھے نماز محض باطل ہے۔(فتاویٰ فقیہ ملت اول ص۱۴۵)
سوال : مسجد میں بلا کنکشن (چوری سے) بجلی جلانا کیسا ہے؟

جواب: مسجد میں بلا کنیکشن چوری سے بجلی جلانا منع ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت اول ص ۱۹۲)

سوال: چشمہ لگا کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: چشمہ لگا کر نماز پڑھنے میں کراہت نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ چہارم ص ۵۲)

سوال: دھوبی سے دھلوائے گئے ناپاک کپڑے پاک ہوئے یا نہیں؟

جواب: دھوبی چونکہ اجیر ہوتا ہے اور اس کی بات ایسے معاملات میں معتبر ہوتی ہے۔ اس کا یہ قول معتبر ہے کہ آب کثیر میں دھویا ہے کپڑے پاک ہونے کا حکم دیا جائے گا۔ (فتاویٰ امجدیہ چہارم ص ۲۳۰)

سوال: جبراً چندہ لینا کیسا ہے؟

جواب: جبراً چندہ لینا حرام ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ چہارم ص ۷۵)

سوال: داڑھی کتروانا مونڈوانا کیسا ہے؟

جواب: داڑھی جب تک ایک مشت سے زائد نہ ہو اس کا کتروانا حرام ہے اور منڈانا اس سے زائد بُرا ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ چہارم ص ۷۵)

سوال: اہل ہنود سے کچا گوشت منگوا کر کھانا درست ہے یا نہیں؟

جواب: اگر وہ نوکر ہے تو منگوا سکتے ہیں ورنہ نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ چہارم ص ۲۲۶)

سوال: اگر کوئی نعت پڑھے۔ جس میں مکھڑا، انکھڑیاں، کملیاں جیسے الفاظ کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

جواب: اسطرح کے الفاظ استعمال کرنا منع ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ چہارم ص ۲۶۰)

سوال: قربانی اور عقیقہ کا گوشت غیر مسلم کو کھلانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: فقیر نے اگر قربانی کی ہو تو اس کا گوشت غیر مسلموں کو دینا جائز نہیں۔ اور مالدار نے کی ہو تو دینا مستحب کے خلاف ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۸، ص ۴۶۷ رفتاویٰ بحر العلوم، جلد دوم، ص ۱۶۴)

سوال: حرام چیز سے دوا کرنا کب جائز ہے؟

جواب: اس چیز کے متعلق یہ علم ہو کہ شفا ایسی میں ہے تو اس صورت میں وہ چیز حرام نہیں۔ (فتاویٰ بحر العلوم، جلد دوم، ص ۶۱۰)

سوال: نرودھ کا استعمال کرنا ناجائز ہے یا نہیں؟

جواب: نرودھ کا استعمال کرنا جائز ہے۔ (فتاویٰ بحر العلوم، جلد دوم، ص ۶۰۴)

سوال: مسجد کی چٹائی عیدگاہ میں لے جاسکتا ہے یا نہیں؟

جواب: مسجد کا فرش وغیرہ عیدگاہ لے جانا جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ جلد سوم، ص ۸۰۸)

سوال: کتیا کا دودھ پینے والے بکری کا گوشت کھانا کیسا ہے؟

جواب: اگر اس کی پرورش کتیا کے دودھ سے ہوتی ہے تو چند روز دودھ چھوڑنے کے بعد وقفہ کریں اس کے بعد ذبح کریں۔ تب تو گوشت کھا سکتے ہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ، چہارم، ص ۱۹۶)

سوال: موذی جانور کو آگ میں جلانا کیسا ہے؟

جواب: آگ سے جلا کر مارنا ممنوع ہے۔ آگ سے عذاب دینا صرف اللہ کے لئے ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، چہارم، ص ۱۶۲)

سوال: مینڈک اگر کنویں میں مرجائے یا پھول پھٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: پانی کا مینڈک بلکہ خشکی کا بھی جبکہ بہت بڑا نہ ہو جسمیں خون سائل ہوتا ہے اگر کنویں میں مرجائے یا مرا ہوگر جائے بلکہ پھٹ جائے تو بھی پانی پاک ہے اور اس سے وضو غسل جائز ہے مگر جب ریزہ ریزہ ہوکر اس کے اجزاء پانی میں مل جائیں تو اس پانی کا پینا حرام ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۳۰)

سوال: میت کو لکڑی یا لوہے کے صندوق میں دفن کرنا کیسا ہے؟

جواب: تابوت یعنی لکڑی یا لوہے کے صندوق میں میت کو دفن کرنا منع ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ اول ص ۳۳۰)

سوال: نماز جنازہ میں ہاتھ کھول کر سلام پھیرنا چاہیے یا ہاتھ باندھے رکھے؟

جواب: ہاتھ کھول کر سلام پھیرنا چاہیے۔ ہاتھ باندھے رکھنا درست نہیں ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ اول ص ۳۱۷)

سوال: جو سیاہ خضاب لگانے کی عادی ہے اس کی امامت کیسی ہے؟

جواب: سیاہ خضاب کا عادی ہو تو اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ اول ص ۱۶۰)

سوال: کئی جگہوں پر لوگ نابالغ حافظوں کے پیچھے تراویح کی نماز پڑھ لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تراویح کی نماز نابالغ حافظ کے پیچھے جائز ہے یہ مسئلہ کہاں تک درست ہے؟

جواب: یہ مسئلہ غلط ہے۔ صحیح مسئلہ یہ ہے کہ جس طرح دوسری نمازیں نابالغ کے پیچھے جائز نہیں

اسی طرح تراویح کی نماز بھی اس کے پیچھے جائز نہیں۔(ہدایہ جلد ا ص ۱۲۴)

سوال: بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ جب وہ سجدۂ تلاوت ادا کرتے ہیں تو سجدے کے بعد دونوں طرف سلام پھیرتے ہیں۔ایسا کرنا کہاں تک درست ہے؟

جواب: سجدۂ تلاوت کے بعد دونوں طرف سلام پھیرنا بے اصل ہے اس لئے کہ سجدۂ تلاوت کے لیے نہ تکبیر تحریمہ ہے نہ تشہد ہے اور نہ سلام۔(درمختار، ص ۵۸۰، جلد ۲)

سوال: عوام میں مشہور ہے کہ صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک اور عصر کی نماز کے بعد سورج زرد ہونے تک کوئی نماز جائز نہیں یہ کہاں تک درست ہے؟

جواب: یہ مسئلہ غلط مشہور ہے صحیح مسئلہ یہ ہے کہ صبح صادق کے بعد سے سورج طلوع ہونے تک اور عصر کی نماز کے بعد سے آفتاب زرد ہونے تک نفل نماز پڑھنا منع ہے لیکن قضا نماز بغیر کسی کراہت کے جائز ہے۔(فتاویٰ ہندیہ، جلد ا، ص ۵۳)

سوال: مسجد میں جاتے وقت لنگی یا پاجامہ اٹھانا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ تحریمی ہے۔(فتاویٰ فقیہ ملت، ص ۱۷۶، جلد ۱)

سوال: پڑیا کے رنگے ہوئے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: بلاشبہ جائز ہے۔(احکام شریعت، ص ۲۴۸، حصہ ۳)

سوال: کیا نیا کپڑا دھوئے بغیر استعمال کرنا اور اس سے نماز پڑھنا جائز نہیں؟

جواب: جب تک ناپاک ہونا معلوم نہ ہو بغیر دھوئے استعمال کرنا اور اس سے نماز پڑھنا بالکل جائز و درست ہے۔(فتاویٰ رضویہ، جلد ۲، ص ۱۴۰)

سوال: کیا اقامت کے وقت امام کا مصلیٰ پر ہونا ضروری ہے؟

جواب: امام کا مصلیٰ پر ہونا ضروری نہیں۔(فتاویٰ امجدیہ، جلد ا، ص ۶۷)

سوال: جماعت میں شامل ہونے کے لئے دوڑ کر جانا کیسا ہے؟

جواب: جماعت میں شامل ہونے کے لئے دوڑنا منع ہے بلکہ حدیث شریف میں ہے کہ جب نماز قائم ہو جائے تو دوڑ کر نہ آو بلکہ چل کر آؤ اور اطمینان اپنے اوپر لازم رکھو جو امام کے ساتھ مل جائے پڑھ لو اور جو باقی رہے اسے پوری کر لو کہ جب کوئی شخص نماز کا ارادہ کرتا ہے تو گویا وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔(فتاویٰ امجدیہ، جلد ا، ص ۱۹۳)

سوال: لنگوٹ پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: بلا کراہت جائز ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۱، ص ۱۹۳)

سوال: کیا موزہ پہن کر نماز پڑھنا درست نہیں؟

جواب: موزہ پہن کر نماز پڑھنا درست ہے اس میں اصلاً کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۱، ص ۱۹۴)

سوال: عام طور پر لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ جس وقت مسجد میں نماز پڑھنے آتے ہیں تو پہلے تھوڑی دیر کے لئے بیٹھ جاتے ہیں پھر نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں، اس پر لوگ اس قدر سختی سے عمل کرتے ہیں کہ فرض وواجب کی طرح اس کے ترک کو گناہ سمجھتے ہیں بلکہ منع کرنے والوں کو برا کہتے ہیں۔ کیا کہیں اس کا ثبوت ہے؟

جواب: بغیر کسی وجہ کے مسجد میں آکر بیٹھ جانا پھر کھڑا ہونا یہ محض ایک لغو فعل ہے بلکہ لغو ہونے کے ساتھ اس میں ایک نقص بھی ہے کہ اگر بغیر بیٹھے سنت پڑھ لے گا تو یہ سنت تحیۃ المسجد کے قائم مقام ہو جائے گی اور بیٹھ گیا تو محروم رہا۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ اس طرح کے لغو خیالات کو اپنے دلوں میں جگہ نہ دیں۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۱، ص ۱۹۹)

سوال: کیا نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا افضل ہے؟

جواب: نہیں! نفل نماز بلا عذر بیٹھ کر پڑھنا افضل نہیں بلکہ کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے اور بیٹھ کر پڑھنے کی نسبت کھڑے ہو کر پڑھنے میں دونا ثواب ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۱، ص ۲۳۳)

سوال: کیا کوئی نفل نماز ایسی بھی ہے جس کو بیٹھ کر پڑھنا افضل ہے؟

جواب: نہیں کوئی نفل نماز ایسی نہیں کہ کسی کو بلا عذر بیٹھ کر پڑھنا افضل ہو۔ البتہ بعض لوگوں نے وتر کے بعد کے نفل کا اِس حکم سے استثنا کیا ہے مگر یہ صحیح نہیں۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۱، ص ۲۳۴)

سوال: امام سے غلطی ہوئی۔ مقتدی نے صحیح لقمہ دیا اور امام نے قبول کر لیا تو لقمہ دینے اور لینے کی وجہ سے سجدۂ سہو واجب ہوا یا نہیں؟

جواب: مقتدی کے صحیح لقمہ دینے اور امام کے قبول کر لینے کی وجہ سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا۔ (فتاویٰ امجدیہ، جلد ۱، ص ۲۷۷)

سوال: کیا مرنے کے بعد آنکھوں کا دان کر دینا چاہئے؟

جواب: جسم انسانی اللہ رب العلمین کی امانت ہے۔ بندہ اپنے کسی عضو کا مالک نہیں بلکہ صرف محافظ ونگراں ہے لہٰذا کسی عضو کا زندگی میں فروخت کر دینا، یا کسی کو دان کر دینا، یا مرنے کے بعد دینے کی وصیت کر جانا ہرگز جائز نہیں۔ (فتاویٰ افضل المدارس، ص۱۵۲، جلد۱)

سوال: بعض لوگ کہتے ہیں کہ پیپسی پینا جائز نہیں کیوں کہ یہ پیپن (سور کی آنت) سے بنتا ہے تو کہاں تک درست ہے؟

جواب: جب تک اپنا مشاہدہ نہ ہو، یا گواہان شرعی سے ثابت نہ ہو جائے یا اس کے فارمولے کی تحقیق نہ ہو جائے حرام و ناجائز ہونے کا حکم تو نہیں دیا جا سکتا ہے مگر جب بعض حقیقت کی تحقیق ہوتی ہے جس میں اس کا دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس میں سور کی آنتوں کی آمیزش ہوتی ہے تو احتیاط یہی ہے کہ اس کے پینے سے بچا جائے۔ (فتاویٰ افضل المدارس، ص۱۵۴، جلد۱)

سوال: رمضان المبارک میں وتر جماعت سے پڑھی جاتی ہے تو اگر کسی کی ایک رکعت چھوٹ گئی اور وہ دوسری رکعت میں شامل ہوا تو وہ امام کے پیچھے دعائے قنوت پڑھے گا یا اپنی چھوٹی ہوئی رکعت میں پڑھے گا؟

جواب: جب وتر کی دوسری رکعت میں شامل ہو تو دعائے قنوت امام کے ساتھ پڑھے گا۔ اپنی چھوٹی ہوئی رکعت میں نہیں پڑھے گا کہ دوبارہ پڑھنے کی اجازت نہیں۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص۲۰۶)

سوال: معتکف اپنی مسجد سے نکل کر دوسری مسجد کی محفل نعت میں شریک ہو سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: معتکف کا اعتکاف واجب یا سنت مؤکدہ میں اپنی مسجد سے نکل کر دوسری مسجد کی محفل نعت میں شریک ہونا جائز نہیں ہے۔ معتکف کو مسجد سے نکلنے کے لئے صرف دو عذر ہیں ایک عذر طبعی جو کہ مسجد میں پوری نہ ہو سکے مثلاً استنجا، غسل وغیرہ اگر مسجد میں ممکن نہ ہو، تو دوسرا عذر شرعی مثلاً عید یا جمعہ کے لئے مسجد سے باہر جانا۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص۳۴۸ / بہار شریعت، حصہ۵، ص۵)

سوال: شوہر کا انتقال ہو جائے تو عورت کتنا دن تک سوگ منائے گی؟

جواب: عورت پر چار مہینے دس دن سوگ واجب ہے۔ (الامن والعلی، ص۲۲۶)

سوال: وہابیہ، دیوبندیہ، کافر کے لئے ہدایت کی دعا کر سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: مغفرت کی دعا ہرگز نہ کرے ہدایت کی دعا کر سکتے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۶، ص ۲۵۷ رفتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۲۵۹)

سوال: غیر مسلموں کو قرآن مجید بانٹنا کیسا ہے؟

جواب: غیر مسلموں کو قرآن مجید بانٹنا منع ہے کہ انہیں دینے میں کتاب اللہ کی بے ادبی و بے حرمتی یقینی ہے کہ ان کی پاکی کا ناپاکی کے برابر ہے۔ وہ ہزار بار بھی وضو و غسل سے پاک نہیں ہو سکتے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۳۲۷ رفتاویٰ امجدیہ، اول، ص ۳۷)

سوال: ایک غیر مسلمہ جو تندرست ہے وہ اپنا حمل زائل کرانا چاہتی ہے تو کیا اس غیر مسلمہ حاملہ کا حمل گرانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ایسی عورت کا حمل گرانا جائز ہے کہ اس میں کافروں کی تعداد میں کمی کی کوشش ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۳۳۲)

سوال: ایک حاملہ ایسی ہے کہ خون مسلسل جاری ہے اور ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ اگر خون اسی طرح جاری رہا تو حاملہ کی جان کا خطرہ ہے ایسی صورت میں حاملہ کی جان بچانے کے لئے حمل گرانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر واقعی حاملہ کی جان کا خطرہ ہے تو اس کی جان بچانے کے لئے حمل گرانا جائز ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت دوم، ۳۳۳)

سوال: ایک ایسی حاملہ جس کا حمل تین ماہ سے کم ہے تو کیا تین ماہ سے کم کے حمل کو گرایا جا سکتا ہے؟

جواب: چار ماہ میں جان پڑ جاتی ہے ہاں عذر شرعی ہو تو اس سے پہلے اگر حمل گرائے تو حرج نہیں۔ (ایسا ہی فتاویٰ رضویہ، جلد نہم نصف آخر، ص ۱۵۱)

سوال: ا یک ایسی حاملہ جس کا حمل ناجائز ہے یعنی بغیر شادی شدہ تھی اور بد فعلی کی بنیاد پر حاملہ ہو گئی۔ وہ اپنی عزت بچانے کے لئے حمل گروانا چاہتی ہے تو کیا اس کی عزت کی حفاظت کے لئے اس کے حمل کو گرایا جا سکتا ہے؟

جواب: اس صورت میں بھی جان پڑنے سے پہلے حمل گرانا جائز ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۳۳۳)

سوال: بلاؤز مسلمان عورتوں کو پہننا کیسا ہے؟

جواب: بلاؤز مسلمان عورتوں کو پہننا حرام ہے کیونکہ اس میں پیٹ اور پیٹھ بھی کھلی رہتی ہے جو شوہر کے علاوہ کسی کے سامنے کھولنا حرام ہے۔ (فتاویٰ بحر العلوم، جلد چہارم، ص ۱۸۶)

سوال: کسی کافر کو روپیہ ادھار دے کر بنام سود نفع لے سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: یہاں کے کافر حربی ہیں اور مسلمان و حربی کے درمیان سود نہیں لہٰذا یہاں کے کافروں کو روپیہ ادھار دے کر بلاشبہ نفع لے سکتے ہیں مگر سود سمجھ کر نہ لیں بلکہ مباح سمجھ کر لیں۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۲۰۹)

سوال: بعض لوگ ملائم ہڈی کو چبا لیتے ہیں، یہ جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جانور حلال مذبوح کی ہڈی کسی قسم کی منع نہیں، جب تک اس کے کھانے میں مضر سہل ہے، بنسبت مضرت کے نہ ہو۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۸، ص ۳۷۸)

سوال: کیا کبوتر کے گوشت کھانے میں کسی قسم کی کراہت ہے یا نہیں؟

جواب: کھانا جائز ہے کچھ بھی کراہت نہیں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۸، ص ۳۷۰)

سوال: قربانی کی کھال سید کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: قربانی کی کھال سادات کرام کو دینا جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۸، ص ۴۷۱)

سوال: چمڑا کھانا کیسا ہے؟

جواب: مذبوح حلال جانور کی کھال بیشک حلال ہے، شرعاً اس کا کھانا ممنوع نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۸، ص ۳۲۴)

سوال: عموماً لوگ بلا اجازت دوسرے کے درخت سے مسواک یا پتہ چھپر سے تنکا یا مٹی کا ڈھیلا لے لیتے یہ لینا کس حکم میں ہے؟

جواب: ایسی شے جس کی عادت اجازت ہے اور اس پر مالک مطلع ہوگا تو اصلا ناگوار نہ ہوگا اور اس کے لینے میں حرج ورنہ حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد، نصف آخر، ص ۲۶۸)

سوال: پتنگ اور ڈور لوٹنا کیسا؟

جواب: پتنگ اوڑانا منع ہے اور لوٹنا حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ نصف آخر جلد ۹، ص ۱۴۷)

سوال: حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ کو معصوم کہنا کیسا ہے؟

جواب: عصمت انبیاء و ملائکہ عظام صلوات اللہ تعالیٰ سیدھم وعلیھم اجمعین کا خاصہ ہے اور

معصوم اسی لئے ان حضرات کرام کی تحیت مخصوص ہے۔ روافض خذلھم اللہ تعالیٰ کہ حضرات ائمہ اطہار کے لئے عصمت ثابت کرتے اور انہیں انبیاء کے برابر لاتے ہیں وہ اس لئے ان حضرات کو معصوم کہتے ہیں تو اہل سنت و جماعت کو ان کا طریقہ اپنانا اور ان سے شبیہ کب روا ہے۔ حدیث میں ہے" **من تشبه بقوم فهو منهم**" جو جس قوم کی شابہت کرے وہ انہیں میں سے ہے او جب وہ ان حضرات کو مثل انبیاء معصوم سمجھتے ہیں اسی لئے ان کے نام کے ساتھ علیہ السلام کہتے ہیں تو سنی کو یہ بھی روا نہیں کہ حسین علیہ السلام کہے کہ روافض کا شعار ہے بلکہ حسین رضی اللہ عنہ کہے۔ (ماہنامہ اعلیٰ حضرت رضا گولڈن جبلی نمبر ۲۰۱۱ء صفحہ ۴۵)

سوال: ہجڑے کے جنازہ میں مرد کی نیت ہو یا عورت کی؟

جواب: ہجڑہ اگر مسلمان ہے تو اسکے جنازہ کی نماز فرض ہے۔ اور نیت میں مرد وعورت کی تخصیص کی کوئی حاجت نہیں۔ مرد وعورت دونوں کیلئے ایک ہی دعا ہے۔ خصوصاً یہ ہجڑے جو یہاں ہوتے ہیں مرد ہی ہوتے ہیں جو اپنے آپکو عورت بناتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد چہارم، ص ۸۸)

سوال: شوہر اپنی بیوی کا منھ قبر میں رکھنے کے بعد دیکھنا کیسا ہے؟

جواب: دیکھنا جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد چہارم، ص ۹۶)

سوال: بینک یا ڈاک خانہ میں جو روپیہ جمع کیا جاتا ہے اس کی نیت زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

جواب: روپیہ کہیں جمع ہو کسی کے پاس امانت ہو مطلقاً اس پر زکوۃ واجب ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۴، ص ۴۱۵)

سوال: زکوۃ کا روپیہ چچا، چچی، چچازاد بھائی و بہنوں کو کچھ دے دیا جائے تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ہاں جائز ہے جبکہ مصرف ہو۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۴، ص ۴۶۶)

سوال: زکوۃ کا روپیہ ماموں و مامی اور ماموں زاد بھائی اور بہنوں کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ان سب کو زکوۃ دینا جائز ہے۔ (ایضاً)

سوال: نانا، نانی کو زکوۃ دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نانا، نانی کو زکوۃ دینا ناجائز ہے۔ (ایضاً)

سوال: زکوۃ پھوپھا، و پھوپھی، اوران کی اولاد کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ان سب کو دے سکتے ہیں جبکہ نہ غنی ہوں نہ غنی باپ کے بچے نہ ہاشمی۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۴، ص ۴۶۶)

سوال: اپنی بہن کو زکوۃ دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جائز ہے جبکہ محتاج ہو۔ (ایضا)

سوال: اپنی بیٹی کو زکوۃ دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: بیٹی کو زکوۃ دینا جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۴، ص ۴۷۴)

سوال: ماں کو زکوۃ دینا کیسا ہے؟

جواب: ماں کو زکوۃ نہیں دے سکتا ہے جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۴، ص ۴۴۵)

سوال: کیا مردے سے سوال چالیس قدم ہٹنے کے بعد ہوتا ہے؟

جواب: دفن کرنے کے بعد میت سے سوال ہوتا ہے۔ چالیس قدم ہٹنے کی روایت غلط ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۴، ص ۱۵)

سوال: میت اگر بالغ یا نابالغ ہو اور اس کے جنازہ میں ولی داخل نہیں ہوا تو اس کا جنازہ ہوا یا نہیں؟

جواب: نماز ہوگئی مگر جو نماز جنازہ بے اجازت ولی پڑھی جائے ولی کو اختیار ہے کہ دوبارہ پڑھے۔ مگر جو پہلے پڑھ چکے ہیں وہ دوبارہ نہیں پڑھ سکتے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۴، ص ۳۳)

سوال: قربانی کرنے کیلئے جانور لایا اور دودھ دیتا ہو تو دودھ کو کیا کیا جائے؟

جواب: جانور دودھ والا ہے تو اس کے تھن میں ٹھنڈا پانی چھڑکے کہ دودھ خشک ہو جائے اگر اس سے کام نہ چلے تو جانور کو دوھ کر دودھ صدقہ کرے۔ (بہار شریعت، حصہ ۶، ص ۱۲۱)

سوال: بلّی نے مرغی کا سر کاٹ لیا اور وہ ابھی زندہ ہے تو ذبح کر سکتے ہے یا نہیں؟

جواب: اسے ذبح نہیں کی جا سکتی ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۶، ص ۱۰۱)

سوال: گونگے مسلمان کا ذبیحہ حلال ہے یا نہیں؟

جواب: گونگے کا ذبح حلال ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۵، ص ۹۸)

سوال: ایک شخص بسم اللہ پڑھے اور دوسرا شخص جانور ذبح کرے تو حلال ہوگا یا نہیں؟

جواب: خود ذبح کرنے والے کو بسم اللہ کہنا ضروری ہے دوسرے کا کہنا اسکے کہنے کے قائم مقام

نہیں یعنی دوسرے کے بسم اللہ پڑھنے سے جانور حلال نہ ہوگا۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۵،ص ۱۰۰)

سوال: مالک نصاب ہے اس پر قربانی واجب ہے لیکن وہ سفر میں ہے تو وہ قربانی کرے گا یا نہیں؟

جواب: مسافر پر قربانی واجب نہیں اگر مسافر نے قربانی کی تو یہ تطوع (نفل) ہے ثواب پائیگا۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۵،ص ۱۰۹)

سوال: غائبانہ بیعت ہونا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: غائبانہ بیعت ہونا جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ۱۲،ص ۱۵۴)

سوال: بے علم آدمی کو کافروں یا بدمذہبوں سے الجھنا کیسا ہے؟

جواب: بے علم آدمی کو کافروں یا بدمذہبوں سے اولجھنا بحث کرنا سخت حرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۱۲،ص ۳۰۰)

سوال: اگر کسی نے اپنے گھر کو گوبر اور مٹی سے لیپا تو یہ لیپنا کیسا ہے؟ اور اس سے تیمم کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: مٹی کے ساتھ گوبر ملا کر لیپنا جائز نہیں کہ وہ نجاست غلیظہ ہے۔ اور اس سے تیمم کرنا بھی جائز نہیں کہ تیمم کے لئے مٹی کا پاک ہونا ضروری ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد اول،ص ۱۷۱)

سوال: کیا نماز عیدین یا جمعہ میں آدمیوں کی کثرت سے سجدہ سہو امام کو چھوڑنا جائز ہے؟

جواب: ہاں علمائے کرام نے بحالت کثرت جماعت جبکہ سجدہ سہو کے باعث مقتدیوں میں فساد ہونے کا اندیشہ ہو اس کے ترک کی اجازت دی بلکہ اسی کو اولیٰ قرار دیا۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم،ص ۶۸۹)

سوال: نابینا کی امامت جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نابینا سنی صحیح العقیدہ صحیح الطہارت صحیح القراۃ کی بلاشبہ امام ہوسکتا ہے۔ جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم،ص ۲۷۶)

سوال: نماز جنازہ پڑھانے میں جو جائے نماز ملتی ہے اس پر نماز پڑھنا یا کرتا وغیرہ بنانا کیسا ہے؟

جواب: اس پر نماز پڑھنا یا کرتا وغیرہ بنانے میں کوئی حرج نہیں نہ اس میں نماز مکروہ۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد ۳،ص ۴۵۲)

سوال: چوری کا کپڑا پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: چوری کا کپڑا پہن کر نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے بلکہ جائز کپڑا پہن کر نماز دوہرانا واجب ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۳،ص ۴۵۱)

سوال: شہر میں نماز عید سے پہلے قربانی کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: شہر میں نماز عید سے پہلے قربانی کرنا جائز نہیں (بہار شریعت، حصہ ۱۵،ص ۱۱۳)

سوال: دیہات میں نماز عید سے پہلے قربانی کرنا کیسا ہے؟

جواب: دیہات میں نماز عید سے پہلے قربانی کرنا جائز ہے۔ (انوار الحدیث،ص ۳۶۳)

سوال: قربانی میں شوہر اپنی بیوی کے نام سے قربانی کرے تو بیوی کے نام کے ساتھ باپ کا نام ہوگا یا شوہر کا؟

جواب: جس عورت کی طرف سے قربانی ہو خدائے علیم وخبیر خوب جانتا ہے کہ وہ فلاں کی لڑکی فلاں کی بیوی ہے اس لئے صرف عورت کا نام لینا کافی ہے۔ باپ یا شوہر کا نام کہنا ضروری نہیں اور اگر کہہ دے تو کوئی حرج بھی نہیں۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد دوم،ص ۴۴۸)

سوال: تین چار شخصوں نے قربانی کے جانور کو الگ الگ خریدے اور وہ سب جانور آپس میں مل گئے یہ پتہ نہیں چلتا کہ کس کا کون ہے تو اس صورت میں کیا کیا جائے گا؟

جواب: اگر ہر ایک نے دوسرے کو ذبح کرنے کی اجازت دیدی تو قربانی ہو جائے گی۔ (بہار شریعت حصہ ۱۵،ص ۱۱۹)

سوال: عقیقہ کا گوشت بچہ کے ماں باپ اور دادا، دادی نانا، نانی کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: عوام میں یہ بہت مشہور ہے کہ عقیقہ کا گوشت بچہ کے ماں باپ، دادا، دادی، نانا، نانی، نہ کھائیں یہ غلط ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ بلکہ کھانا جائز ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۵،ص ۱۲۹)

سوال: بقرعید کے دن اگر شہر میں کرفیو لگ جائے یا فتنہ وفساد ہو کہ لوگ گھروں سے نکل کر عیدگاہ یا مسجد میں بقرعید کی نماز نہ پڑھ سکیں تو اس صورت میں شہر کے لوگ قربانی کب کریں؟

جواب: کرفیو یا کسی دوسرے فتنہ کے سبب شہر میں عید الاضحیٰ کی نماز پڑھنا ممکن نہ ہو تو اس صورت میں دسویں ذوالحجہ ہی کو شہر میں بھی طلوع فجر کے بعد ہی سے قربانی کرنا جائز ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد دوم،ص ۴۴۷)

سوال: امام کے پیچھے مقتدی سورہ فاتحہ پڑھے گا یا نہ پڑھے گا؟

جواب: مقتدی کو قرآن مجید پڑھنا مطلقاً جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۶۲)

سوال: آمین باٰواز بلند کہنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: آمین باٰواز بلند کہنا نماز میں مکروہ و خلاف سنت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۶۳)

سوال: نماز کے بعد دعاء مانگنے کا ثبوت کہیں ہے یا نہیں؟

جواب: نماز کے بعد دعاء مانگنے کا ثبوت قرآن وحدیث کی روشنی میں (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۸۳/۸۲ میں ہے)

سوال: صرف پائجامہ پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: صرف پائجامہ پہنے بالائی حصہ بدن کا ننگا رکھ کر نماز بایں معنی تو ہوجاتی ہے کہ فرض ساقط ہوگیا۔ مگر مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ ہاں اگر اتنے ہی کپڑے کی قدرت ہے تو ایسی محتاجی میں مجبوری ومعافی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۲۸۰)

سوال: مزار کے روضہ کا دروازہ بند ہو تو اسکے سامنے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: بلا کراہت نماز پڑھنا جائز ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۴۱۹)

سوال: خطبہ جمعہ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم باٰواز بلند کہنا چاہئے یا آہستہ؟

جواب: نہ باٰواز نہ باخفا بلکہ تنہا اعوذ آہستہ پڑھ کر حمد الٰہی سے شروع کرے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم، ص ۶۸۴)

سوال: جمعہ وعیدین گاؤں میں درست ہے یا نہیں؟

جواب: جمعہ وعیدین دیہات میں ناجائز ہے اور ان کا پڑھنا گناہ مگر جاہل عوام پڑھتے ہوں تو ان کو منع کرنے کی ضرورت نہیں کہ عوام جس طرح اللہ ورسول کا نام لے لیں غنیمت ہے۔

سوال: گرونانک نے اپنے آخری وقت میں اسلام قبول کیا تھا کیا یہ سچ ہے؟

جواب: گرونانک کے بارے میں مشہور یہ ہے کہ وہ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے جو مجذوب ہوگئے تھے۔ اس روایت پر وہ حقیقت میں مسلمان ہی تھے۔ (فتاویٰ شارح بخاری، جلد سوم، ص ۵۳۰)

سوال: جرسی گائے کا گوشت و دودھ کھانا یا پینا کیسا ہے؟

جواب: جرسی گائے کا گوشت کھانا جائز ہے اور دودھ بھی پینا جائز ہے۔ (فتاویٰ عالمگیر

جلد۵،ص۲۶۲)

سوال: گورنمنٹ لاٹری کا جو روپیہ ملتا ہے اس کا لینا کیسا ہے؟

جواب: لاٹری ایک قسم کا جوا ہے اور جوا حرام ہے، جو شخص لاٹری کا ٹکٹ خریدے اس پر توبہ واستغفار لازم ہے۔لیکن اگر کسی کو اس طرح روپیہ مل گیا ہو تو حلال ہے کہ گورنمنٹ خالص حربی کافروں کی ہے۔(فتاویٰ برکاتیہ،ص۲۰۹)

سوال: ٹیلیفون کے ذریعہ نکاح پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: ٹیلی فون کے ذریعہ نکاح پڑھنا ہرگز صحیح نہیں۔(فتاویٰ فیض الرسول،جلد۱،ص۵۶۰)

سوال: مسجد کو کرایہ کا مکان بنانا جائز ہے۔اس کی صورت کیا ہے؟

جواب: جبکہ متولی نے ایسے مکان کو مسجد بنایا جو مسجد کے نام وقف تھا تو اگرچہ اس میں کئی سال تک نمازیں پڑھی گئیں اس مسجد کو کرایہ کا مکان بنانا جائز ہے۔(فتاویٰ عالمگیری،جلد۲، ص۳۵۶ر بہار شریعت،حصہ دہم،ص۷۷)

سوال: وہ کون سا بالغ مسلمان ہے جس کے پاس بے انتہا مال ہے مگر اس پر زکوۃ واجب کیوں نہیں ہے؟

جواب: جو شخص پورے سال پاگل رہا اس پر زکوۃ واجب نہیں اگرچہ بالغ ہو اور اس کے پاس مال بے انتہا ہو۔(فتاویٰ عالمگیری عجائب الفقہ،جلد۱،ص۱۶۱)

سوال: کس صورت میں مردہ کا پیٹ پھاڑنا جائز ہے؟

جواب: جبکہ عورت مرگئی اور بچہ اس کے پیٹ میں حرکت کررہا ہے تو اس صورت میں بچہ کو نکالنے کے لئے مردہ عورت کا پیٹ پھاڑنا جائز ہے۔(درمختار مع شامی،جلد اول،ص۲۰۲۔ اور عجائب الفقہ)

سوال: وہ کون سے مسلمان مردے ہیں جو زمین میں دفن نہیں کئے جاتے؟

جواب: جو مسلمان سمندر میں بحری جہاز یا کشتی پر مرجاتے ہیں اور ساحل دور ہوتا ہے تو ایسے مسلمان مردے زمین میں دفن نہیں کئے جاتے بلکہ پانی میں ڈال دیئے جاتے ہیں۔(فتاویٰ عالمگیری،جلد۱،ص۱۴۹)

سوال: مسلمانوں پر کوئی حادثہ آپڑا جس میں روپیہ خرچ کرنے کی ضرورت ہے۔اور اس وقت

روپیہ کی کوئی سبیل نہیں ہے مگر اوقاف مسجد کی آمدنی جمع ہے اور مسجد کو اس وقت حاجت بھی نہیں تو بطور قرض مسجد سے رقم لی جا سکتی ہے یا نہیں؟

جواب: واقعی اگر اس وقت روپیہ کی کوئی سبیل نہیں ہے اور مسجد کو اس وقت ضرورت بھی نہیں ہے تو بطور قرض مسجد سے رقم لی جا سکتی ہے۔ (بہار شریعت، حصہ ۱۰، ص ۹۸۱)

سوال: ایک چھوٹا حوض میں مچھلی ڈال دیا گیا دو دن کے بعد وہ مچھلی مرگئی تو کیا اس مچھلی کو کھانا درست ہے یا نہیں؟

جواب: مچھلی اگر تھوڑے پانی یا جگہ کی تنگی کے سبب مرگئی تو اس کا کھانا جائز ہے۔ (فتاویٰ فیض الرسول، جلد ۲، ص ۴۳۵)

سوال: کسی مرد کی منی ٹیوب میں لے کر دوسری عورت کے رحم میں داخل کیا جائے۔ بچہ پیدا ہونے کیلئے یہ شرعاً کیسا ہے؟

جواب: یہ انتہائی بے حیائی اور سخت حرام ہے کہ کسی مرد کی منی ٹیوب میں لے کر دوسری عورت کے رحم میں داخل کیا جائے۔ بلا ضرورت شرعیہ عورت کا اپنی شرم گاہ میں سوائے اپنے شوہر کے آلۂ تناسل کے کسی چیز کو داخل کرنا حرام و گناہ ہے۔ (فتاویٰ شارح بخاری، جلد ۱، ص ۳۷)

سوال: جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہمزاد بھی پیدا کرتا ہے۔ آیا اس کے انتقال کے بعد وہ ہمزاد قید کر دیا جاتا ہے یا آزاد کر دیا جاتا ہے؟

جواب: مجدد اعظم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ نے الملفوظ حصہ سوم، ص ۳۰ پر فرمایا مسلمان کا ہمزاد قید کر لیا جاتا ہے۔ اور کافر کا بھوت ہو جاتا ہے۔ (یعنی وہ آزاد رہتا ہے)

سوال: کسی بزرگ کے نام پر بھیک مانگنا کیسا ہے؟

جواب: کسی بزرگ کے نام پر بھیک نہیں مانگنی چاہئے (فتاویٰ شارح بخاری، جلد ۱، ص ۶۵۶)

سوال: سونا یا چاندی نہیں ہے مگر رقم ہے زکوۃ کے لئے کس نصاب کا لحاظ کیا جائے گا؟

جواب: جس کے پاس رقم ہو تو زکاۃ کے لئے چاندی کے نصاب [illegible] ظ ہوگا۔ (فتاویٰ بحر العلوم، جلد ۲۰، ص ۱۷۷)

سوال: جس پر قربانی واجب ہو کیا اس کے مال پر سال گزرنا ضروری ہے؟

جواب: قربانی کے وجوب کے لئے سال بھر گذرنا شرط نہیں، خاص عید یا بقر عید کے دن مقدار

نصاب کے مالک ہوئے تو اسی وقت قربانی لازم ہوگی۔ (فتاویٰ بحر العلوم، جلد۲، ص ۱۷۷)

سوال: غوث پاک کی ملاقات خواجہ صاحب سے ثابت ہے یا نہیں؟

جواب: حضور سلطان الہند خواجہ اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ملاقات حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ثابت ہے۔ (فتاویٰ بحر العلوم، بحوالہ سیرت العارفین، جلد۲، ص ۵۰۴)

سوال: مدرسہ کے فنڈ سے کسی بزرگ کے نام پر فاتحہ خوانی وعرس منانا کیسا ہے؟

جواب: مدرسہ کی رقم سے عرس وفاتحہ خوانی کرنا جائز نہیں ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، جلد دوم، ص ۱۴۰)

سوال: منبر کی کس سیڑھی پر خطبہ دینا افضل ہے؟

جواب: سب سے اوپر والی سیڑھی پر خطبہ دینا افضل ہے کہ حضور اکرم ﷺ اوپر درجہ پر خطبہ دیا کرتے تھے اور اصل سنت اسی پر دینا ہے لیکن اگر کوئی دوسری یا تیسری سیڑھی پر خطبہ دے تب بھی سنت ادا ہو جائے گی جیسے حضرت ابوبکر صدیق وحضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما دیا کرتے تھے کہ مطلق منبر پر خطبہ دینا سنت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد۳، ص ۷۰۰، فتاویٰ عالمگیری، جلد اول، ص ۱۴۷)

سوال: امام اگر خطبہ جمعہ بھول جائے تو کوئی لقمہ دے سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: امام اگر خطبہ جمعہ بھول جائے تو کوئی لقمہ نہیں دے سکتا اس لئے کہ مقدار فرض ایک بار الحمد للہ یا سبحان اللہ یا لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے، اگر اتنا پڑھ چکا ہے تو لقمہ دینے کی شرعاً اجازت نہیں۔

سوال: ظہر وعصر میں آہستہ اور مغرب وعشا اور فجر میں زور سے قرآت کی وجہ کیا ہے؟

جواب: شروع زمانہ اسلام میں کفار کا غلبہ تھا وہ قرآن شریف سن کر اللہ تعالیٰ قرآن مقدس، جبرئیل علیہ اسلام اور حضور اکرم ﷺ کو گالیاں دیتے تھے چوں کہ ظہر وعصر میں وہ آوارہ گھومتے تھے اس لئے ان دونمازوں میں آہستہ قرآت کا حکم ہوا۔ اس کے برخلاف مغرب میں کھانے میں مشغول ہوتے، عشا میں سو جاتے اور فجر میں جاگتے نہ تھے اس لئے ان نمازوں میں جہری قرآت کا حکم ہوا اب اگرچہ وہ حالت نہ رہی مگر حکم وہی رہا کہ مسلمان اس مغلوبیت کو یاد کر کے اب غلبۂ اسلام پر خدا کا شکر ادا کریں۔ (ماہنامہ کنزالایمان، ص ۱۸، ستمبر ۲۰۱۵ء)

سوال: میت کو غسل دینا، کفن پہنانا، خوشبو لگانا اس میں کس قدر ثواب ہے؟

جواب: جو کسی میت کو نہلائے، کفن پہنائے، خوشبو لگائے جنازہ اٹھائے نماز پڑھے اور جو ناقص

بات نظر آئے اسے چھپائے وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسا کہ جس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد چہارم، ص ۵۱)

سوال: کیا محرم کے مہینے میں نکاح کرنا منع ہے؟

جواب: محرم ہو یا صفر کسی مہینے میں نکاح کرنا منع نہیں بلکہ ہر دن اور ہر تاریخ میں نکاح جائز ہے۔ (الملفوظ، ص ۱۴۱، حصہ ۱)

سوال: کیا محرم کے مہینے میں نیا گھر بنوانا منع ہے؟

جواب: محرم ہو یا صفر کسی بھی مہینہ میں نیا گھر بنوانا منع نہیں بلکہ ہر مہینہ ہر تاریخ میں نیا گھر بنوانا جائز ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت،، ص ۲۸۹، ج ۲)

سوال: تعزیہ کے سامنے شیرینی وغیرہ رکھ کر فاتحہ پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: تعزیہ کے سامنے شیرینی وغیرہ رکھ کر فاتحہ پڑھنا جائز نہیں۔ (فتاویٰ فیض الرسول، ص ۵۶۴، ج ۲)

سوال: تعزیہ رکھنے کے لئے امام باڑہ بنانا اور اس کی تعظیم کرنا کیسا ہے؟

جواب: امام باڑہ بنانا اور اس کی تعظیم کرنا رافضیوں کا طریقہ ہے جو شرعاً ممنوع ہے، مذہب اسلام میں امام باڑے کی کوئی شرعی حیثیت نہیں کہ اس کی تعظیم کی جائے۔ (محرم میں کیا جائز کیا ناجائز، ص ۲۷)

سوال: قربانی کے بکرے کا دانت والا ہونا ضروری ہے اگر دانت والا نہ ہو تو اس کی قربانی جائز نہیں؟

جواب: قربانی کے بکرے کا کم سے کم سال بھر کی عمر کا ہونا ضروری ہے، دانت والا ہونا ضروری نہیں، بکرا سال بھر کا ہے تو اس کی قربانی جائز ہے اگر چہ اس کے دانت نہ نکلے ہوں۔ (فتاویٰ فیض الرسول، ص ۴۵۶، ج ۲)

سوال: بھارت میں مسلمان کو ماتا کی جے کا نعرہ لگانا کیسا ہے؟

جواب: مسلمانوں کو یہ نعرہ لگانا کفر ہے۔ اس پر توبہ تجدید ایمان تجدید نکاح تجدید بیعت کرنا ضروری ہے۔ (ماخوذ فتاویٰ شارح بخاری، جلد دوم، ص ۵۹۹)

سوال: مسلمانوں کو جے ہند کا نعرہ لگانا، بولنا کیسا ہے؟

جواب: مسلمانوں کو یہ نعرہ لگانا بولنا جائز نہیں ہے۔ (ماخوذ فتاویٰ شارح بخاری، جلد دوم، ص ۴۶۳)

سوال: انجکشن کے ذریعہ خون نکلوانے سے روزہ اور وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

جواب: روزہ نہیں جائے گا اگر روزہ دار خون نکلوانے کا بعد نڈھال ہو جائے یا کمزوری سبب اسے روزہ رکھنا دشوار ہو جائے تو روزہ کی حالت میں اس قدر خون نکلوانا مکروہ ہے۔ اور وضو ٹوٹ جائے گا۔ (فتاویٰ یورپ، ص ۱۳۹)

سوال: قیدی لوگ قید خانہ میں جو اشیاء بناتے ہیں گورنمنٹ ان کو فروخت کرتی ہے ان کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر ظلماً بنوائی گئی ہیں تو ناجائز ہے۔ (ملفوظات اعلیٰ حضرت، حصہ چہارم، ص ۲۵)

سوال: وہابی دیوبندی کے یہاں رشتہ کرنا کیسا ہے؟

جواب: وہابی دیوبندی، قادیانی، اہل حدیث کے یہاں رشتہ کرنا ناجائز و حرام ہے۔

سوال: عورت مرگئی شوہر اور جوان بیٹا موجود ہے نماز جنازہ پڑھانے کیلئے کس سے اجازت لی جائے گی؟

جواب: عورت مرگئی شوہر اور جوان بیٹا چھوڑا تو ولایت بیٹے کو ہے شوہر کو نہیں۔ اس لئے اجازت بیٹا سے لی جائے گی۔ (بہار شریعت، حصہ ۴، ص ۳۵۸)

سوال: نابالغ لڑکا و لڑکی مرجائے تو اس سے قبر میں سوال ہوگا یا نہیں؟

جواب: بچوں سے سوال نہ ہوگا۔ (شرح الصدور، ص ۱۳۷)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Printed by
RAZA ACADEMY KOLKATA 25. Colootola Street, Kolkata - 73 Mob. No.: 9748792456, 9681746810
Rs. 40
REDMI NOTE 5 PRO
MI DUAL CAMERA